بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | ہفتہ 29 اگست 2026 | 15 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 167

ٹیکس نظام میں اصلاحاتی اقدامات کے نفاذ کو معینہ مدت میں مکمل جائے

شہباز شریف

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت ایف بی آر اصلاحات پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس، پی آر اے ایلکی تنظیم نو، ٹیکس نظام کی ڈیجیٹلائزیشن، کسٹمز میں فیس لیس اسیسمنٹ اور ٹیکس اصلاحات کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کا فیصلہ

ڈیجیٹل نواء سنگ کی ٹرانزیکشنز 5. 2 ٹریلین روپے سے تجاوز کر گئیں، دسمبر تک ڈیجیٹل انوائسنگ کی ٹرانزیکشنز 4 ٹریلین روپے تک پہنچانے کا ہدف، فیس لیس اسیسمنٹ سے کسٹمز ریونیو میں 12 فیصد اضافہ، 28 گڈز ویلیوایٹرز کی بھرتی آخری مراحل میں، سینٹرل اسیسمنٹ یونٹ قائم ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ایف بی آر اصلاحات کے تمام اقدامات مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکس نظام میں اصلاحاتی اقدامات کے نفاذ کو معینہ مدت میں مکمل کیا جائے، اصلاحات کا تھرڈ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سعودی عرب کے وزیر برائے ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمن بن عبدالمحسن الفضلی ملاقات کر رہے ہیں

انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے فول پروف اقدامات ناگزیر ہیں، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ قائمہ کمیٹی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نیپال میں ہولناک سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد 538 ہوگئی، سینکڑوں لاپتا

چینی حکام کا امدادی کارروائیاں تیز، متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے پر زور

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال اور تبت کی سرحد پر اچانک آنے والے شدید سیلاب اور مٹی کے تودے نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی۔ خیال کے تو [illegible]

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے

محمود خان اچکزئی

جنوبی پشتونخوا سمیت پشتون علاقوں میں دہشتگردی، بدامنی، اغوا برائے تاوان، چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم نے عوام کی زندگی، جان و مال اور کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کیا ہے

بین الصوبائی اور بین الاقوامی آمدورفت کی شاہراہیں غیر محفوظ بنا دی گئی ہیں، جبکہ ڈیورنڈ لائن پر قانونی تجارت اور آمدورفت میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جنوبی پشتونخوا کے موجودہ سیاسی، آئینی، معاشی اور امن و امان کے سنگین حالات کے پیش نظر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیراہتمام 30 اگست تا یکم ستمبر 2026 کو کوئٹہ میں منعقد ہونے والا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جرگہ جنوبی پشتونخوا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل، ان کے آئینی و سیاسی حقوق اور خطے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سوشل میڈیا پروپیگنڈے کیخلاف نوجوانوں کا مثبت کردار ضروری ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

فیلڈ مارشل سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ کی ملاقات، پاکستان کے سیکیورٹی منظر نامے پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پروپیگنڈے کے خلاف نوجوانوں کا مثبت اور بامعنی کردار ضروری ہے، نوجوان نسل کو حقائق پر مبنی سوچ اپنانے کی ضرورت ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پمز سانحے کے ذمہ دار کسی ایک آدمی کو نہیں چھوڑا جائے گا، وزیر صحت

وزیراعظم کی جانب سے کمیٹی قائم کر دی گئی ہے، پمز سانحہ کے حوالے سے جو فیصلے ہوں گے شواہد کی بنیاد پر ہوں گے، مصطفیٰ کمال

ہم سب پاکستانی ہیں، ہم سب بچوں کے والدین ہیں، سیاسی بیانیے کی بجائے تجاویز دیں تاکہ ایسے حادثات سے بچا جا سکے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پمز سانحہ کے حوالے سے جو فیصلے ہوں گے شواہد کی بنیاد پر ہوں گے، وزیراعظم کی جانب سے کمیٹی قائم کر دی گئی ہے، جو ذمہ دار ہوگا کسی ایک آدمی کو نہیں چھوڑا جائے گا، اہمیت اور قومی اسمبلی کی مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے، پارلیمانی کمیٹی کو قائم نہ کریں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کا اجلاس قائم مقام اسپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پولیس کی ڈیجیٹلائزیشن کے تحت خدمت مرکز، ہوٹلنگ، ٹریولنگ اور آئی جی پولیس شکایات سیل سمیت مختلف شعبوں کیلئے سہولیات متعارف کرائی گئی ہیں، ان اقدامات سے عام شہری کو یہ اعتماد حاصل ہوگا کہ بلوچستان پولیس عوام کی خدمت اور ان کی مشکلات کے ازالے کیلئے دستیاب ہے

بلوچ قوم پرستی کے نام پر دہشت گردی کی جا رہی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

مستونگ میں انگور کے باغات سے صوبائی وزیر داخلہ یا سیکیورٹی فورسز پر حملہ ہوتا ہے تو جائیداد کے مالکان جرم سے بری الذمہ نہیں بلکہ سہولت کار تصور ہوں گے، بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں تحصیلداروں کی بھرتی سے متعلق شکایات پر کمیٹی قائم کر دی گئی

حکومت کی پہلے دن سے یہ سوچ رہی ہے کہ گورننس کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جایا جائے تاکہ عوام کو بہتر خدمات فراہم کی جا سکیں اور نظام میں شفافیت اور بہتری کو یقینی بنایا جا سکے، بلوچستان پولیس کی آٹھ پرانی ایپلی کیشنز کو بہتر بنایا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مستونگ میں انگور کے باغات سے صوبائی وزیر داخلہ یا سیکیورٹی فورسز پر حملہ ہوتا ہے تو جائیداد کے مالکان جرم سے بری الذمہ نہیں بلکہ سہولت کار تصور ہوں گے، بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں تحصیلداروں کی بھرتی سے متعلق شکایات پر کمیٹی قائم کر دی گئی ہے جس کی رپورٹ میڈیا کے سامنے لائی جائے گی، حکومت بلوچستان گورننس کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جانے کے لیے پرعزم ہے کیونکہ ڈیجیٹلائزیشن سے عوامی خدمت، شفافیت اور سروس ڈیلیوری میں نمایاں بہتری آتی ہے بلوچستان پولیس کی جانب سے متعارف کرائی گئی نئی اور اپ گریڈ کی گئی ایپلی کیشنز عام شہری کو نہ صرف کریمنل جسٹس سسٹم بلکہ روزمرہ کی شکایات اور مشکلات کے ازالے میں بھی سہولت فراہم کریں گی، جبکہ خواتین اور شہداء کے خاندانوں کے لیے متعارف کرائی گئی ڈیجیٹل

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پولیس ڈیجیٹل انیشیٹوز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان کی صحت وفاقی حکومت کی نگرانی میں خراب ہوئی ہے، سہیل آفریدی

عدالتی احکامات کو ردی کی ٹوکری میں پھینکا جا رہا ہے، اگر عدالتیں اپنے احکامات پر عملدرآمد نہیں کروا سکتیں تو پھر عدالتیں کس کام کیلئے ہیں؟

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے عمران خان کے علاج کے حوالے سے حکم جاری کیا تھا کہ ان کا علاج شفا انٹرنیشنل ہسپتال میں ان کی بہن اور ذاتی ڈاکٹرز کی موجودگی میں کیا جائے، تاہم بدقسمتی سے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مکہ معاہدے کو مثبت نظر سے دیکھتے ہیں، شمولیت کی دعوت ملی تو ضرور غور کریں گے، بنگلا دیشی وزیر خارجہ

مکہ معاہدہ مسلم ممالک کا داخلی معاملہ ہے، مکہ معاہدے سے متعلق کسی تشویش کی کوئی گنجائش نہیں، وزیر خارجہ خلیل الرحمان

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیشی وزیر خارجہ خلیل الرحمان نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے میں شمولیت کی دعوت ملی تو مثبت انداز میں غور کریں گے۔ پارلیمنٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے بنگلا دیشی وزیر خارجہ خلیل الرحمان نے کہا کہ بنگلا دیش مکہ معاہدے کو

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران پر حملوں کے 6 ماہ مکمل ہوگئے، جنگ کے 6 بڑے اثرات

جنگ کے آغاز سے ہی امریکی عوام میں امریکی صدر ٹرمپ کی مقبولیت کم تھی، جو وقت گزرنے کے ساتھ مزید کم ہوگئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کو 6 ماہ مکمل ہوگئے، تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جس جنگ کو مختصر کارروائی قرار دیا گیا تھا، وہ جنگ توقع کے برعکس طول پکڑ گئی ہے۔ ایران نے ہتھیار نہیں ڈالے،

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکا ایرانی عوام کیخلاف اقتصادی مہم بطور بے رحم ہتھیار استعمال کر رہا ہے، ایران

امریکی پابندیاں لاکھوں شہریوں کی صحت اور روزگار کو سنگین خطرے میں ڈال رہی ہیں، ایرانی وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کی جانب سے کہا گیا ہے کہ امریکا اقتصادی مہم کو ایرانی عوام کے خلاف بے رحم ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کے خلاف امریکی معاشی اقدامات

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کی نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو ہنگامی امدادی سامان بھیج رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کی دوپہر نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ وزیراعظم نے نیپال میں حالیہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے ضیاع اور بڑے پیمانے پر ہونے والی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال وزیراعظم کی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کا ریل کے ذریعے ایران سے رابطہ پچھلے سات ماہ سے منقطع

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کا ریل کے ذریعے ایران سے رابطہ پچھلے سات ماہ سے منقطع۔ ریلوے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

معاشرے کے تمام طبقات کو نوجوانوں کو بااختیار بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، بیرسٹر عقیل ملک

پاکستان کا مستقبل ایسے نوجوانوں کی تیاری سے وابستہ ہے جو پراعتماد، باصلاحیت، ذمہ دار اور قیادت کی صلاحیتوں سے مالا مال ہوں، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ اور مستقبل کی سب سے بڑی قوت ہیں، اس لیے معاشرے کے تمام طبقات کو نوجوانوں کو بااختیار بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، پاکستان کا مستقبل ایسے نوجوانوں کی تیاری سے وابستہ ہے جو پراعتماد، باصلاحیت، ذمہ دار اور

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

دشمن کے عزائم خاک میں مل جائیں گے

محسن نقوی

دہشتگردی کی ہر کارروائی انسانیت کیخلاف جرم ہے، پاکستان نے ہمیشہ خطے اور دنیا میں امن، مذاکرات اور سفارتی حل کو ترجیح دی ہے، وفاقی وزیر داخلہ

فتنۃ الہندو فتنۃ الخوارج کے مکمل خاتمے تک ”جہاد امن“ جاری رہے گا، سفیر امن صاحبزادہ نقشبندی سے گفتگو

اسلام آباد/کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دہشت گرد پاکستان کے دشمن ہیں، ان کا کوئی مذہب نہیں اور نہ ہی دہشت گردی کا کوئی مذہبی جواز ہے۔ ملک کے امن کو سبوتاژ کر کے انتشار اور افراتفری پیدا کرنا دشمن عناصر کی دیرینہ خواہش ہے، تاہم 22 کروڑ پاکستانی عوام قومی یکجہتی، اتحاد اور وحدت امت کے ذریعے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائیں گے۔ پاکستانی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ انتظامیہ کا نیا فیصلہ، پاکستانی سمیت غیرملکی طلبہ کی انٹرن شپ خطرے میں پڑ گئی

نئی ہدایات پر عمل نہ کرنے والی جامعات کو غیرملکی طلبہ کے داخلے کی اجازت سے محروم کیے جانے کا انتباہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے غیرملکی طلبہ کے لیے بعض انٹرن شپ اور عملی تربیتی پروگراموں کی اجازت محدود کرنے کی کوششیں شروع کر دی ہیں، نئی ہدایات پر عمل نہ کرنے والی جامعات کو غیرملکی طلبہ کے داخلے کی اجازت سے محروم کیے جانے کا بھی انتباہ دیا گیا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق امریکی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ کے تحت کام کرنے والے اسٹوڈنٹ اینڈ ایکسچینج وزیٹر پروگرام نے 24 اگست

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کی بیرسٹر افتخار گیلانی کو آزاد جموں و کشمیر کا وزیراعظم منتخب ہونے پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے بیرسٹر افتخار گیلانی کو آزاد جموں و کشمیر کا وزیراعظم منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی فتح کا سہرا پارٹی قیادت بالخصوص میاں محمد نواز شریف اور پارٹی کارکنان کی محنت کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرامید ہیں کہ

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ میں پمز سانحے پر شدید بحث، ہاؤس کمیٹی بنانے کی قرارداد منظور

سرکاری تنخواہ لینے والوں کے نجی اسپتال میں علاج پر پابندی لگ جائے تو سرکاری اسپتال ایک دن میں ٹھیک ہو جائیں، پرویز رشید

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کے اجلاس میں پمز سانحے پر شدید بحث ہوئی جس میں واقعہ کے ذمے داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ سامنے آیا، جبکہ ہاؤس کمیٹی بنانے کی قرارداد منظور کر لی گئی۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ آفیسر منظور احمد

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسٹیٹ بینک کو مالی سال 2025-26 میں 1990 ارب روپے کا خالص منافع

مرکزی بینک نے 1932 ارب روپے کا زائد منافع وفاقی حکومت کو منتقل کر دیا، سالانہ مالیاتی گوشوارے اور آڈیٹرز رپورٹ پارلیمنٹ کو ارسال

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال 2025-26 کے سالانہ مالیاتی گوشوارے جاری کر دیے، جن کے مطابق مرکزی بینک کو مالی سال کے دوران ایک ہزار 990 ارب روپے کا خالص

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بشار الاسد کو انسانی بنیادوں پر پناہ دی، روس

روس میں الاسد کا استقبال سیاسی اعتبار سے متاثر ہو کر نہیں کیا، ترجمان وزارت خارجہ

ماسکو (این این آئی) روسی وزارت خارجہ نے باور کرایا ہے کہ شام کے سابق صدر بشار الاسد اور ان کے اہل خانہ کو روس میں پناہ دینے کا فیصلہ محض انسانی بنیادوں پر کیا گیا تھا اور اس فیصلے کے پیچھے کسی بھی قسم کے سیاسی مقاصد نہیں تھے۔ روسی وزارت خارجہ کی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان ایکسل لوڈ کنٹرول ریجیم کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مخصوص نشست پر اسمبلی پہنچنے والے افتخار گیلانی آزاد کشمیر کے وزیراعظم بن گئے، حلف بھی اٹھا لیا

مخصوص نشست پر منتخب ہو کر اسمبلی کا حصہ بننے پر نہ تو کوئی آئینی پابندی ہے اور نہ ہی اخلاقی، ایسا پہلی بار نہیں ہوا ہے، یہ پہلے بھی ہو چکا ہے، نو منتخب وزیراعظم

افتخار گیلانی کی نامزدگی پر سخت اصولی اختلاف ہے، ایسا شخص جو پچھلے دونوں الیکشن ہار گیا، اسے وزیراعظم کے عہدے پر نہیں ہونا چاہیے، ووٹ کو عزت دو کے موقف کو نقصان پہنچا ہے، شاہ غلام قادر

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے نو منتخب وزیراعظم افتخار گیلانی نے اپنے عہدے کا حلف اٹھا لیا، قائم مقام صدر آزاد کشمیر چوہدری طارق فاروق نے ان سے حلف لیا۔ جمعہ کو آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی نے مخصوص نشست پر اسمبلی پہنچنے والے مسلم لیگ (ن) کے رہنما بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیراعظم منتخب کر لیا ہے، کشمیر کے 17 ویں وزیراعظم منتخب ہونے والے افتخار گیلانی کو 30 اراکین اسمبلی کے ووٹ ملے جبکہ ان کے مخالف پاکستان پیپلز پارٹی کے وزارت عظمیٰ کے امیدوار مختار احمد عباسی 14 ووٹ حاصل کر پائے۔ عام انتخابات میں مظفر آباد کے حلقے سے مختار احمد عباسی نے افتخار گیلانی کو شکست دی تھی۔ مسلم لیگ (ن) کو کشمیر کی 53 رکنی قانون ساز اسمبلی میں 32 ارکان کی حمایت حاصل تھی، تاہم

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسٹاک مارکیٹ میں اکاؤنٹ کھولنا آسان، ایس ای سی پی کا نیا ڈیجیٹل فریم ورک

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اسٹاک مارکیٹ میں اکاؤنٹ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ کا ستائیسویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواست وصول کرنے سے انکار

سپریم کورٹ اس سے قبل بھی ستائیسویں ترمیم کے خلاف ایک درخواست وصول کرنے سے انکار کر چکی ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ رجسٹرار آفس نے ستائیسویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواست وصول کرنے سے انکار کر دیا، رجسٹرار آفس کا موقف ہے کہ اس نوعیت کی درخواستیں وفاقی آئینی عدالت میں دائر ہو سکتی ہیں۔ ستائیسویں

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ تیار، پمز ہسپتال کے افسران و سٹاف کی غفلت ثابت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ تیار کر لی ہے، جس میں پمز ہسپتال کے افسران اور عملہ کی غفلت ثابت ہوئی ہے۔ ٹی وی کے مطابق وزیراعظم کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ میں عملہ اور افسران کے بیانات ریکارڈ کیے گئے، کمیٹی نے آگ کی اطلاع اور فائر بریگیڈ کے پہنچنے کی ٹائم لائن بھی چیک کی۔ رپورٹ کے مطابق ریسکیو ٹیم کو رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا، تالے لگے ہوئے تھے،

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی سینیٹر علی ظفر کا پمز واقعے کے ذمے داروں کو سزا دینے کا مطالبہ

پمز واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور تعین کیا جائے کہ اس واقعے کا ذمے دار کون تھا، سینیٹ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر علی ظفر نے پمز واقعہ کی مکمل تحقیقات اور ذمے داروں کو سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پمز واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور تعین کیا جائے کہ اس واقعے کا ذمے دار کون تھا، جس کی غلطی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پمز آتشزدگی کی تحقیقات کیلئے سینیٹ کی کمیٹی بنائی جائے، شیری رحمٰن کا حکومتی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار

جو حکومتی کمیٹیاں بنائی گئی ہیں، ہمیں ان پر اعتماد نہیں، ان کمیٹیوں میں سب لوگ ایک دوسرے کی تحقیقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے واقعے پر حکومتی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی تحقیقات کے لیے پورے ایوان کی کمیٹی بنائی جائے جو 40 دن میں رپورٹ

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پیوٹن کسی نیٹو رکن ملک پر حملہ نہیں کریں گے، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کسی نیٹو رکن ملک پر حملہ نہیں کریں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے سی آئی اے کے ڈائریکٹر جان ریٹکلف کی جانب سے روسی حکام کو ایسے کسی حملے سے خبردار کرنے کی اطلاعات کو بھی مسترد کر دیا۔ امریکی صدر نے کہا کہ روس کی جانب سے نیٹو ملک پر حملے کا کوئی امکان نہیں، سی آئی اے کے ڈائریکٹر جان ریٹکلف

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا فارمولا ازسرنو مرتب کرنے کی ہدایت

ہارڈشپ پالیسی میں فوری تبدیلی، ریلیف کا فائدہ صارفین تک پہنچانے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے موجودہ طریقہ کار پر نظرثانی اور صارفین کو ریلیف دینے کے لیے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کے پرائسنگ فریم ورک میں اصلاحات کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ نے ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے موجودہ

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

لندن (این این آئی) پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے برطانوی وزیر خارجہ سے لندن میں دو طرفہ سطح پر ملاقات کی جس میں برطانوی وزیر خارجہ نے مشرق وسطیٰ میں امن کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا جبکہ ملاقات میں سندھ طاس معاہدے اور خطے کی سیکیورٹی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ بھارت کی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملین ڈالر میں بجلی کے جھٹکے دینے والے 6 ہزار دستانے، آئی سی ای کا متنازع معاہدہ

یہ آلات ایسے حالات میں استعمال کیے جائیں گے جہاں کوئی شخص ہدایات ماننے سے انکار کرے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (آئی سی ای) نے گرفتاریوں، زیر حراست افراد کی منتقلی اور ہجوم پر قابو پانے کے دوران استعمال کے لیے بجلی کے جھٹکے دینے کی صلاحیت رکھنے والے 6 ہزار جوڑے خصوصی دستانوں کی خریداری کا 16.7 ملین ڈالر کا معاہدہ منظور کر لیا ہے۔ وفاقی ریکارڈ کے مطابق اس معاہدے کا نمبر

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ سندھ سے وفاقی وزیر پیٹرولیم کی ملاقات

مراد علی شاہ کا میدان بلاک سندھ حکومت کو الاٹ کرنے کا مطالبہ، سوہو اور کندھ کوٹ گیس فیلڈز سے آئینی حق کے تحت سندھ کو گیس فراہم کرنے پر زور

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں سندھ کے گیس اور توانائی سے متعلق اہم امور، زیر التوا معاملات اور صوبے کے گیس وسائل کے مؤثر استعمال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکرٹری آغا واصف،

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی آئندہ ماہ بہاولپور، ہزارہ کو صوبے بنانے کی آئینی ترمیم لائے گی، محمد علی درانی کا دعویٰ

کسی حکومت کے جانے میں جو اسباب ہوتے ہیں وہ تمام ہو چکے ہیں، حکومت نے اپنا سیاسی مقبرہ خود بنا لیا ہے

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی نے دعویٰ کیا ہے کہ پیپلز پارٹی آئندہ ماہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں آئینی ترمیم پیش کرنے جا رہی ہے جس کے تحت بہاولپور اور ہزارہ کو فوری طور پر نئے صوبے بنانے کی تجویز دی جائے گی، بہاولپور اور ہزارہ صوبوں کے قیام سے متعلق قراردادیں پہلے ہی صوبائی اسمبلیوں سے منظور ہو چکی ہیں اس لیے ان

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چینی مارکیٹ میں پاکستانی سی فوڈ کی طلب بڑھ گئی، برآمدات 220 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں

چین کو پاکستانی سمندری خوراک کی برآمدات میں 41 فیصد اضافہ، 7 ماہ میں 156 ملین ڈالر سے بڑھ کر 220 ملین ڈالر ہوگئیں

کراچی (این این آئی) چینی مارکیٹ میں پاکستانی سمندری خوراک کی بڑھتی ہوئی طلب کے باعث پاکستان کی سی فوڈ برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، چین کو پاکستانی سمندری خوراک کی برآمدات 2026 کے پہلے سات ماہ کے دوران 41 فیصد بڑھ کر 220 ملین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ سال کے اسی عرصے میں چین کو

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ اس کے عوام ہیں

احسن اقبال

پاکستان کیلئے معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب بڑھنے کا وقت آگیا ہے، نوجوان غلط معلومات کا مقابلہ اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کیلئے مؤثر کردار ادا کریں

پاکستان نے 2035 تک ایک کھرب ڈالر کی معیشت بننے کا ہدف مقرر کیا ہے، تاہم اس کا مقصد محض مجموعی پیداوار کو ایک حد تک پہنچانا نہیں بلکہ قومی پیداواری صلاحیتوں کو اس سطح تک لے جانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو معاشی استحکام، پائیدار اقتصادی ترقی، پیداواریت میں اضافے، برآمدات کے فروغ، سرمایہ کاری اور روزگار کے وسیع مواقع میں تبدیل کرنا ہوگا۔ پاکستان کا بنیادی معاشی چیلنج اب استحکام سے آگے بڑھ کر معیشت میں بنیادی اور پائیدار تبدیلی لانا ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے وزارت منصوبہ بندی و ترقی میں ہارورڈ بزنس اسکول کے ایم بی اے طلبہ کے ایک وفد سے ملاقات کی۔ انہوں نے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ کا وزارت

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

مکہ معاہدے نے پورے خطے میں اتحاد اور امن کا پیغام دیا ہے

شہباز شریف

مکہ دفاعی معاہدے سے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان مزید قریب آئے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب اسٹریٹجک شراکت دار ہیں

دونوں ممالک کو اقتصادی اور زرعی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر توجہ دینی چاہیے، شہباز شریف کی سعودی وزیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے نے پورے خطے میں اتحاد اور امن کا پیغام دیا ہے، مکہ دفاعی معاہدے سے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان مزید قریب آئے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب اسٹریٹجک شراکت دار ہیں، دونوں ممالک کو اقتصادی اور زرعی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر توجہ دینی چاہیے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عالمی منڈی میں سونا مہنگا، پاکستان کے ذخائر کی مالیت 392 ارب روپے بڑھ گئی

30 جون 2026 تک پاکستان کے سرکاری سونے کے ذخائر 64.82 ٹن، مالیت 39.8 ارب ڈالر ریکارڈ

کراچی (این این آئی) عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں نمایاں اضافے کے باعث پاکستان کے سرکاری سونے کے ذخائر کی مالیت مالی سال 2025-26 کے دوران 392 ارب روپے بڑھ گئی۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق مالی سال

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مسلمانوں کا قاتل بوسنیا کا قصاب جنگی مجرم راتکو ملاڈچ چل بسا

اقوام متحدہ کے سابق انسانی حقوق کے سربراہ زید رعد الحسین نے ملاڈچ کو برائی کی بدترین مثال قرار دیا تھا

بلغراد (این این آئی) سربیا کے سرکاری نشریاتی ادارے کے مطابق 1995 کے سربرینیکا قتل عام میں کردار ادا کرنے والا سابق بوسنیائی سرب فوجی سربراہ راتکو ملاڈچ چل بسا۔ بوسنیا کے قصاب کے نام سے مشہور راتکو ملاڈچ گزشتہ کئی ماہ سے متعدد فالج

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پشاور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ برآمد

پشاور (این این آئی) پشاور کے نواحی علاقے میرا کچوڑی قبرستان میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق پشاور کے علاقے میرا کچوڑی قبرستان میں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی گئی۔ سی ٹی ڈی کے مطابق فائرنگ رکنے کے بعد سرچ آپریشن کے دوران 4 دہشت گردوں کی لاشیں برآمد ہوئیں، جبکہ دیگر دہشت گرد رات کی

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں موبائل فونز کی مقامی پیداوار میں نمایاں اضافہ

جولائی میں مقامی طور پر 39 لاکھ موبائل فون تیار، اسمبلنگ نے ملکی طلب کا 97 فیصد پورا کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان میں موبائل فونز کی مقامی پیداوار میں جولائی کے دوران نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، مقامی صنعت نے ایک ماہ میں ملکی طلب کا تقریباً 97 فیصد پورا کر لیا۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے مطابق جولائی 2026 میں

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان پاکستان کا اہم اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، سیدال ناصر

صحافی عوام کو باخبر رکھنے، معاشرتی مسائل کی نشاندہی کرنے اور عوامی مسائل کو متعلقہ فورم تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

صحافیوں کو درپیش مسائل کا حل، ان کے حقوق کا تحفظ اور فلاح و بہبود یقینی بنانا ناگزیر ہے، جس کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ خواتین کی معاشی خودمختاری پائیدار ترقی کی بنیادی شرط ہے۔ خواتین کو ہنرمندی، چھوٹے کاروبار، روزگار اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے سہولیات اور مواقع فراہم کر کے نہ صرف انہیں معاشی طور پر خودمختار بنایا جا سکتا ہے بلکہ ان کے خاندانوں اور مجموعی معاشرے کی معاشی حالت بھی بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان سے تعلق رکھنے والی صحافی سمیرا راجپوت اختر جان سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حلقے میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، علی مدد جتک

عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے متعلقہ اداروں کو بھی متحرک کیا جارہا ہے، صوبائی وزیر کا کھلی کچہری سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماو صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ حلقے میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جبکہ عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے متعلقہ اداروں کو بھی متحرک کیا جارہا ہے عوامی مسائل کے حل میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، عوام نے کھلی کچہری میں جن مسائل کی نشاندہی کی ہے انہیں حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو اپنی رہائش گاہ پر منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہی کھلی کچہری میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کرکے اپنے مسائل اور مشکلات سے براہ راست اپنے منتخب نمائندے کو آگاہ کیا اس موقع پر عوام نے ترقیاتی کاموں، سڑکوں، پانی، بجلی، نکاسی آب، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی مسائل سے متعلق اپنے مطالبات اور شکایات پیش کیں۔ حاجی علی مدد جتک نے ہر شہری کی بات توجہ اور تحمل سے سنی اور متعلقہ محکموں کے افسران سے رابطہ کرکے متعدد مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ آبادی والے علاقوں میں منی پیٹرول پمپس کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

کوئٹہ آبادی والے علاقوں میں غیرقانونی منی پیٹرول پمپس کیخلاف سخت کریک ڈاؤن 63 پمپس سیل اور 72 افراد گرفتار

عوام کا تحفظ اولین ترجیح ہے، پشین اسٹاپ واقعے کے بعد انتظامیہ کا غیرقانونی پیٹرول پمپس کے خلاف بلاتعطل کارروائی کا عزم

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر آبادی والے علاقوں میں قائم غیرقانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف ضلعی انتظامیہ نے سخت کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 63 منی پیٹرول پمپس سیل جبکہ 72 افراد کو گرفتار کرکے جیل منتقل کروایا کارروائیاں پشتون آباد، جوائنٹ روڈ، سرکی روڈ، فقیر محمد روڈ، میاں غنڈی روڈ، کاسی روڈ، عالموں چوک، ایئرپورٹ روڈ، نوحصار کلی، سمنگلی، خروٹ آباد سمیت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کی گئیں۔ آپریشن اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد امیر حمزہ، اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی، اسسٹنٹ کمشنر چلتن کیپٹن (ر) کبیر مزاری اور اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کھوسہ کی زیرنگرانی ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی ٹیموں نے کیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق حالیہ پشین اسٹاپ واقعے کے بعد آبادی والے علاقوں میں قائم منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائی مزید تیز کردی گئی ہے۔

تحصیل لاکھڑا میں 3 ماہ سے پینے کے پانی کا شدید بحران، واٹر سپلائی کی پی ایم ٹی ناپید

پبلک ہیلتھ سے رقم ملنے کے باوجود کے الیکٹرک نے بجلی بحال نہیں کی، کمشنر و ڈی سی لسبیلہ فوری نوٹس لیں، عوامی حلقے

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کی تحصیل لاکھڑا میں تین ماہ سے پانی کا بحران، واٹر سپلائی کی PMT تاحال بحال نہ ہوسکی تفصیلات کے مطابق لسبیلہ ڈویژن کی تحصیل لاکھڑا شہر اور ملحقہ علاقوں میں گزشتہ تین ماہ سے پینے کے پانی کا شدید بحران جاری ہے۔ منڈیرا ایل کے مقام پر نصب واٹر سپلائی کی PMT جل جانے کے باعث پانی کی فراہمی معطل ہے، جس سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ذرائع کے مطابق محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے تین ماہ قبل PMT کی بحالی کے لیے رقم کے الیکٹرک کو فراہم کیے جانے کے باوجود بجلی کی فراہمی بحال نہیں ہوسکی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مختلف وجوہات اور مسائل بتا کر معاملہ مسلسل مؤخر کیا جارہا ہے، جبکہ پانی کی عدم فراہمی کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں کو خصوصی مشکلات کا سامنا ہے اور شہری دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور ہیں۔ عوامی حلقوں نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے اعلیٰ حکام اور دیگر متعلقہ ذمہ داران سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ واٹر سپلائی کی خراب PMT کو ہنگامی بنیادوں پر مرمت یا تبدیل کرکے پانی کی فراہمی بحال کی جائے۔

تعلیمی اداروں کی کارکردگی، داخلوں اور کلسٹر بجٹ کے حوالے سے اہم اجلاس کا انعقاد

کلسٹر بجٹ شفاف طریقے سے استعمال کیا جائے، ڈی ای او دفتر میں شکایتی سیل قائم ہوگا: اجلاس میں ہدایات

پنجگور (یو این اے) پنجگور تعلیمی کارکردگی، داخلوں اور کلسٹر بجٹ کے حوالے سے اہم اجلاس گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول پنجگور میں تعلیمی اداروں کی کارکردگی، انتظامی امور، طلبہ کے داخلوں اور کلسٹر بجٹ کے استعمال کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پنجگور نظام رحیم بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عابد حسین، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول ملک مقبول، ڈی او ای میل سعید اکبر، ڈی او ای فیمیل محترمہ روبینہ، تمام ڈی ڈی اوز، آر ٹی ایس ایم پنجگور قاسم اور ضلع بھر کے ہیڈ ماسٹرز، ہیڈ مسٹریس وہیڈ کلسٹرز نے شرکت کی اجلاس میں سکولوں کی مجموعی کارکردگی، طلبہ کے داخلوں، فیڈنگ سکولز اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سکول سربراہان کو ہدایت کی گئی کہ داخلوں میں بہتری، تعلیمی معیار اور اداروں کے نظم ونسق پر خصوصی توجہ دیں، جبکہ فیڈنگ سکولز کا ریکارڈ باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جائے کلسٹر بجٹ کے حوالے سے ہدایت کی گئی کہ فنڈز شفاف طریقے سے اور قواعد وضوابط کے مطابق استعمال کیے جائیں، مکمل ریکارڈ رکھا جائے۔

کوئٹہ، بی آر اے اور پرال کی جانب سے گرین انیشیٹیو بلوچستان کے لیے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) اور پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (PRAL) کی ٹیم نے گرین انیشیٹیو بلوچستان کے افسران وعملے کیلئے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا۔ تربیتی پروگرام کے دوران بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS)، ٹیکس رجسٹریشن، ٹیکس فیلنگ، ریٹرن فائلنگ اور قابل اطلاق ودہولڈنگ ٹیکسز سے متعلق امور پر تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ شرکا کو ٹیکس قوانین کے تحت متعلقہ ذمہ داریوں اور عملی طریقہ کار کے بارے میں بھی رہنمائی دی گئی۔ BRA اور PRAL کی ٹیم نے مختلف ٹیکس امور سے متعلق شرکا کے سوالات کے جوابات بھی دیے اور ٹیکس قوانین پر موثر عملدرآمد، شفافیت اور بروقت ٹیکس تعمیل کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ تربیتی پروگرام کا مقصد گرین انیشیٹیو بلوچستان کے متعلقہ افسران وعملے کی ٹیکس قوانین اور ودہولڈنگ ذمہ داریوں سے آگاہی اور استعداد کار میں اضافہ کرنا تھا۔

پنجگور، بی آئی ایس پی کی امدادی رقوم کی فراہمی جاری، مستحقین کو پورا حق دینا ترجیح ہے، شبیر احمد مسی

پنجگور (یو این اے) ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شبیر احمد مسی نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے غریب اور مستحق خاندانوں کی مالی معاونت کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت امدادی رقوم کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ مستحقین کو ان کا حق شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر پہنچانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا مقصد معاشرے کے کمزور اور مستحق طبقات کو مالی مشکلات سے نکالنے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ مستحق خواتین کو امدادی رقم کی ادائیگی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جارہا ہے جبکہ کسی بھی قسم کی کٹوتی یا غیر قانونی وصولی کی شکایت کو سنجیدگی سے لیا جائے گا شبیر احمد مسی نے مستحقین پر زور دیا کہ وہ امدادی رقم وصول کرتے وقت مکمل رقم گن کر وصول کریں اور کسی بھی شکایت یا مسئلے کی صورت میں متعلقہ حکام سے رابطہ کریں۔

بولان، جلال خان گاؤں سے کلینک پر موجود قبائلی رہنما میر اسرار احمد مغیری اغوا

ہماری کسی بھی اقوام یا خاندان سے کوئی دشمنی نہیں، مغیری خاندان کا مغوی کی فوری بازیابی کا مطالبہ

بولان (یو این اے) بولان کے علاقے جلال خان گاں سے مسلح اور نامعلوم افراد نے پرائیویٹ میڈیکو اور قبائلی رہنما میر اسرار احمد مغیری کو ان کے کلینک سے اغوا کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ جلال خان گاں میں قائم کلینک پر پیش آیا جہاں سے نامعلوم مسلح افراد انہیں زبردستی ساتھ لے گئے، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ دوسری جانب مغوی قبائلی رہنما کے اہلخانہ کا کہنا ہے کہ ان کی کسی اقوام، قبائل یا خاندان سے کوئی ذاتی دشمنی یا تنازع موجود نہیں ہے۔ انہوں نے پولیس اور اعلیٰ حکام سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور میر اسرار احمد مغیری کی باحفاظت اور جلد از جلد بازیابی کے لیے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

خضدار، جماعت اسلامی کی کال پر 3 ستمبر کو ضلع بھر میں مکمل شٹرڈاؤن ہڑتال کا اعلان

تاجر برادری اور عوام ہڑتال کو کامیاب بنا کر پرامن احتجاج میں حصہ لیں، جماعت اسلامی خضدار

خضدار (یو این اے) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمن کی کال پر ملک بھر کی طرح ضلع خضدار میں بھی جماعت اسلامی نے تین ستمبر 2026 بروز جمعرات مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کردیا ہے۔ جماعت اسلامی ضلع خضدار کے ذمہ داران نے کہا ہے کہ مرکزی امیر کی اپیل پر ضلع بھر میں ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے تاجر برادری، دکانداران اور عوام سے بھرپور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین ستمبر بروز جمعرات ضلع خضدار میں تمام کاروباری مراکز اور دکانیں بند رکھ کر پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا جائے گا۔ اس ہڑتال کا مقصد عوامی مسائل اور بنیادی حقوق سے متعلق مطالبات کی جانب حکام کی توجہ مبذول کرانا ہے۔

قائمقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر سے بلوچستان سے تعلق رکھنے والی صحافی سمیرا راجپوت اور اختر جان ملاقات کررہے ہیں

چھتر، پمز ہسپتال سانحہ پر محمد یعقوب خان کھوسہ کا اظہار افسوس، معصوم بچوں کا ضیاع قومی سانحہ قرار

ہسپتالوں میں فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات کا تدارک اور غفلت کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے، ضلعی صدر پی پی پی

چھتر (یو این اے) پمز ہسپتال سانحہ پر میر محمد یعقوب خان کھوسہ کا اظہار افسوس، معصوم بچوں کا ضیاع قومی سانحہ ہے تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی صحبت پور کے ضلعی صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کا اس طرح جان سے چلے جانا انتہائی المناک اور پوری قوم کے لیے باعث صدمہ ہے میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے کہا کہ پمز ہسپتال میں پیش آنے والے دلخراش واقعے نے ہر آنکھ کو اشکبار کردیا ہے۔ جن والدین نے اپنے نومولود بچوں کو علاج کے لیے ہسپتال میں داخل کرایا تھا، ان کے لیے یہ صدمہ ناقابل بیان ہے غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور ان کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کو ایسے واقعات کو محض ایک حادثہ سمجھ کر نظرانداز نہیں کرنا چاہیے بلکہ واقعے کے اسباب کا باریک بینی سے جائزہ لے کر مستقبل میں ایسے سانحات کی روک تھام کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔

زرعی شعبے کی ترقی اور زمینداروں کو بروقت پانی کی فراہمی کیلئے ڈی جی واٹر مینجمنٹ محبوب بلوچ کی کاوشیں قابل تحسین

عوامی حلقوں نے دستیاب وسائل کے بہتر استعمال اور زمینداروں کے مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کو سراہا

کوئٹہ (یو این اے) عوامی حلقوں نے زرعی شعبے کی ترقی، زمینداروں کو بروقت پانی کی فراہمی یقینی بنانے اور دستیاب وسائل کے موثر وبہتر استعمال کے لیے ڈائریکٹر جنرل واٹر مینجمنٹ محبوب بلوچ کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق زرعی شعبے سے وابستہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی کے حوالے سے درپیش مسائل کے حل کے لیے ڈی جی واٹر مینجمنٹ محبوب بلوچ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات خوش آئند ہیں۔ پانی کے بہتر انتظام اور دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لانے سے نہ صرف زمینداروں کی مشکلات میں کمی آئے گی بلکہ زرعی پیداوار میں اضافے اور صوبے میں زراعت کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر زراعت اور سیکرٹری زراعت کی جانب سے بھی زرعی شعبے کی بہتری، زمینداروں کے مسائل کے حل، پانی کے موثر انتظام اور دستیاب وسائل کے بہتر استعمال کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل تعریف ہیں۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ صوبائی حکومت اور متعلقہ محکمے زراعت کے فروغ کے لیے مزید عملی اقدامات جاری رکھیں گے۔

بختیار آباد، اسسٹنٹ کمشنر میر بہادر خان بنگلزئی کی زیرصدارت کھلی کچہری، عوامی مسائل کی سماعت

بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح، غفلت کے مرتکب افسران کا محاسبہ ہوگا، میر بہادر خان

بختیار آباد (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان وچیف سیکرٹری بلوچستان کے احکامات، ڈپٹی کمشنر سبی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر میر بہادر خان بنگلزئی کی قیادت میں یونین کونسل بختیار آباد کے آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایس ڈی پی او بختیار آباد سرکل محمد آصف مجک، چیئرمین یونین کونسل بختیار آباد میر محمد اکبر سونگی، سب ڈویژن بختیار آباد کے تمام محکموں کے آفیسران اور نمائندوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں سیاسی وسماجی رہنماؤں، علاقائی معتبرین، اقلیتی برادری سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری میں علاقہ مکینوں نے صاف پینے کے پانی، بجلی کی فراہمی، صحت کی بنیادی سہولیات، اسکولوں میں اساتذہ کی عدم حاضری سمیت مختلف مسائل سے اسسٹنٹ کمشنر میر بہادر خان بنگلزئی کو آگاہ کیا۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر بنانے کے ساتھ عوام کو درپیش مشکلات کا مستقل بنیادوں پر ازالہ کیا جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی نے عوامی شکایات اور مسائل کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔

کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے ان کے صاحبزادے ثناء اللہ اچکزئی کی وفات پر گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل تعزیت کررہے ہیں

چمن میں مدرسہ استاد کا مبینہ تشدد، معصوم بچی ملالی کی آنکھ ضائع ہوگئی

چمن (یو این اے) چمن کے علاقے حاجی خان میں مدرسے کی ایک کمسن طالبہ ملالی پر مدرسے کے استاد کی جانب سے مبینہ تشدد کا افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جس کے نتیجے میں بچی کی ایک آنکھ ضائع ہونے کی اطلاعات ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی نے نوٹس لیتے ہوئے مدرسہ سیل کرنے کے احکامات جاری کیے، جبکہ واقعے میں مبینہ طور پر ملوث استاد کے خلاف کارروائی کے لیے بھی ہدایات دی گئی ہیں۔ واقعے نے کمسن طلبہ وطالبات پر تشدد اور تعلیمی ودینی اداروں میں بچوں کے تحفظ کے حوالے سے سنگین سوالات کھڑے کردیے ہیں۔

چھتر، پمز ہسپتال سانحہ پر میر صدام حسین خان کھوسہ کا اظہار افسوس، نومولود بچوں کی ہلاکت پر دلی تعزیت

ہسپتالوں میں مریضوں اور نومولود بچوں کی حفاظت کے لیے فائر سیفٹی کے باقاعدہ انتظامات یقینی بنائے جائیں، رہنما

چھتر (یو این اے) میر صدام حسین خان کھوسہ کا اظہار افسوس، نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ کا اظہار تفصیلات کے مطابق پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں نومولود بچوں کی ہلاکت پر میر صدام حسین خان کھوسہ نے گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے میر صدام حسین خان کھوسہ نے کہا کہ پمز ہسپتال کا المناک واقعہ انتہائی افسوسناک اور دل خراش ہے۔ معصوم نومولود بچوں کی جانوں کا ضیاع ایک ایسا سانحہ ہے جس نے ہر حساس دل کو غمزدہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے لخت جگر کو کھونے والے والدین کے دکھ اور کرب کا اندازہ لگانا ممکن نہیں میر صدام حسین خان کھوسہ نے کہا کہ سانحہ میں جاں بحق ہونے والے بچوں کے والدین اور اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم بچوں کو اپنی رحمت میں جگہ دے اور سوگوار خاندانوں کو صبر وحوصلہ عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں مریضوں اور بالخصوص نومولود بچوں کی حفاظت اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے فائر سیفٹی کے مکمل انتظامات، موثر ایمرجنسی رسپانس سسٹم، ہنگامی انخلا کا مربوط طریقہ کار اور نومولود بچوں کی حفاظت کے خصوصی انتظامات کو یقینی بنایا جانا ضروری ہے میر صدام حسین خان کھوسہ نے مطالبہ کیا کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر غفلت یا حفاظتی انتظامات میں کوتاہی کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور مستقبل میں ایسے سانحات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق معصوم بچوں کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور ہسپتالوں کو ایسے حفاظتی نظام سے آراستہ کیا جائے۔

ژوب، فضل خان موبائل اینڈ ایزی پیسہ شاپ کا باقاعدہ افتتاح، تاجر برادری اور شہریوں کی شرکت

ژوب (یو این اے) ژوب میں فضل خان موبائل اینڈ ایزی پیسہ شاپ کا باقاعدہ افتتاح مرکزی انجمن تاجران ژوب کے ضلعی صدر یاران کلیوال، جنرل سیکرٹری محمد دین خروٹی، سینئر نائب صدر حبیب الرحمن کاکڑ اور موبائل ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ممبر جمیل مندوخیل نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات، کاروباری حضرات اور شہریوں نے شرکت کی اور پروپرائیٹر فضل خان کو نئی کاروباری کاوش پر مبارکباد پیش کی۔

گوٹھ محبانی کے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کی منظور شدہ عمارت تاحال تعمیر نہ ہوسکی

جھل مگسی (یو این اے) گنداواہ کے علاقے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول گوٹھ محبانی، محلہ میر حسن عرف میجر لاشاری کی نئی عمارت تاحال تعمیر نہ ہو سکی۔ سکول کی عمارت منظور شدہ ہے جبکہ سکول کا کوڈ 07310 ہے، تاہم ابھی تک تعمیراتی کام کا آغاز نہیں کیا گیا۔ میر حسن عرف میجر لاشاری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ سکول کی عمارت کا کام جلد از جلد شروع کیا جائے، کیونکہ عمارت نہ ہونے کے باعث طلبا کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ منظور شدہ سکول کی عمارت پر فوری طور پر تعمیراتی کام شروع کر کے طلبا کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں۔

پمز ہسپتال سانحہ دل دہلا دینے والا، نومولود بچوں کی ہلاکت انتہائی افسوسناک ہے، میڈم شبنم اللہ بخش خان عمرانی

ہسپتالوں کے نرسری شعبوں میں فائر سیفٹی یقینی بنائی جائے اور غفلت کے ذمہ داروں کی شفاف تحقیقات ہوں، رہنما

چھتر (یو این اے) پمز ہسپتال سانحہ دل دہلا دینے والا، نومولود بچوں کی ہلاکت انتہائی افسوسناک ہے۔ شبنم اللہ بخش خان عمرانی تفصیلات کے مطابق پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں نومولود بچوں کی ہلاکت پر میڈم شبنم اللہ بخش خان عمرانی نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پمز ہسپتال میں بچوں کی اموات کا واقعہ دل دہلا دینے والا ہے، آتشزدگی میں نومولود بچوں کی ہلاکت انتہائی افسوسناک اور ناقابل تلافی سانحہ ہے انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کا اس طرح زندگی سے محروم ہونا ہر صاحب دل انسان کے لیے باعث صدمہ ہے، جبکہ اپنے نومولود بچوں کو کھونے والے والدین اور اہلخانہ کے دکھ اور کرب کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کرتی ہوں اور اس غم کی گھڑی میں ان کے دکھ میں برابر کی شریک ہوں میڈم شبنم اللہ بخش خان عمرانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار والدین واہلخانہ کو صبر جمیل اور یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ ایسے المناک واقعات کی روک تھام کے لیے ہسپتالوں میں فائر سیفٹی، ایمرجنسی رسپانس اور نومولود بچوں کی حفاظت کے موثر انتظامات ہر صورت یقینی بنائے جائیں۔ ہسپتالوں خصوصاً نرسری اور انتہائی نگہداشت کے شعبوں میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے جدید حفاظتی نظام، تربیت یافتہ عملہ اور فوری امدادی اقدامات کی دستیابی ناگزیر ہے انہوں نے مزید کہا کہ پمز ہسپتال سانحے کی مکمل اور شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں، غفلت یا کوتاہی کے ذمہ دار عناصر کا تعین کیا جائے۔

رحیم کاکڑ کا چیئرمین بی ڈی اے اور پی ڈی کی مبینہ اربوں روپے کی کرپشن کیخلاف نیب اور ایف آئی اے سے تحقیقات کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن وسابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، میر وائس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ سردار بہلول خان نے ڈی جی نیب بلوچستان ڈائریکٹر ایف آئی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کرپٹ بی ڈی اے چیئرمین جو کہ ریٹائرمنٹ کے باوجود بیٹھا ہے اور اس کے ساتھ کرپشن کا ماسٹر پی ڈی صحت خان نے سپیرہ راغہ اور خانوزئی تا لورالائی روڈ کو اسی کروڑ سے سات آٹھ ارب تک پہنچایا ہے کوکہ ابھی دوران تعمیر سارا روڈ جگہ جگہ سے بیٹھ اور ٹوٹ رہا ہے ویڈیوز موجود ہے مہربانی ہے اس میں ملوث تمام کرداروں کو بے نقاب کیا جائے یہ روڈ 2010 میں این ایچ اے میں نامعلوم طور سے بی ڈی اے جو کہ بدنام زمانہ کرپشن کا ادارہ ہے نے ٹینڈر کیا ہے تحریک انصاف تمام تحقیقاتی اداروں سے تحقیقات اور سزا کا مطالبہ کرتی ہے۔

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد، دریندر کلل پنجائیت کے نومنتخب عہدیداران کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

تین ستمبر کی ہڑتال کے بعد اسلام آباد لانگ مارچ کا فیصلہ کرینگے، حافظ نعیم الرحمن

پنجاب اور اندرون سندھ میں دھرنے پھیلنا شروع ہوگئے، کل کوئٹہ میں دھرنا شروع ہوگا امیر جماعت اسلامی پاکستان کی دھرنے کے تیرہویں روز پریس کانفرنس، آج رات فیصل آباد جلسہ کا اعلان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ عوامی احتجاج اب محض دھرنوں تک محدود نہیں رہے گا، 3 ستمبر کو ملک گیر تاریخی ہڑتال ہوگی اور اس کے بعد اسلام آباد لانگ مارچ کی کال بھی دی جائے گی، حکومت کو ہر صورت عوام کو ریلیف دینا اور پٹرولیم لیوی سمیت عوام پر عائد ناجائز ٹیکس ختم کرنا ہوں گے، اب یہ تحریک رکنے والی نہیں۔ لاہور میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر جماعت اسلامی کے دھرنے کے 13ویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ قوم شدید مشکلات سے دوچار ہے، حکمران ٹولہ اور بیوروکریسی عوام کے مسائل کی طرف توجہ دینے کو تیار نہیں۔ لاہور، پشاور اور کراچی میں دھرنے جاری ہیں جبکہ پنجاب کے سیکڑوں مقامات پر احتجاجی کیمپ قائم کیے جارہے ہیں۔ حیدرآباد اور اندرون سندھ میں بھی دھرنے اور احتجاجی کیمپ شروع ہوچکے ہیں۔ امیر لاہور ضیا الدین انصاری، امیر پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے اعلان کیا کہ آج

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لورالائی، تحصیل میختر میں کھلی کچہری کا انعقاد، اسسٹنٹ کمشنر اسرار خان مندوخیل نے مسائل سنے

لورالائی (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوامی مسائل سننے اور ان کے فوری حل کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ حسیب شجاع کے احکامات کی روشنی میں ضلع لورالائی کی تحصیل میختر میں اسسٹنٹ کمشنر میختر اسرار خان مندوخیل کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی اور ایف سی کے میجر وقاص نے خصوصی شرکت کی، جبکہ مختلف سرکاری محکموں کے سربراہان، پولیس حکام، قبائلی عمائدین اور علاقہ مکین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین اور شہریوں نے کھل کر اپنے مسائل اور مشکلات سے انتظامیہ کو آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر میختر اسرار خان مندوخیل نے بعض درخواستوں پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے، جبکہ دیگر مسائل سے متعلق درخواستیں متعلقہ محکموں اور ضلعی انتظامیہ کو ضروری کارروائی کے لیے بھجوادی گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر میختر اسرار خان مندوخیل نے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوامی مسائل کو براہ راست سننا، عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانا اور چھوٹے نوعیت کے مسائل کو موقع پر حل کرنا ہے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی ایک بچی کو حفاظتی ویکسین لگارہے ہیں

بازئی قبائل کی ملکیتی اراضی پر سرکاری اسکیمات کیخلاف شدید احتجاج

ریونیو ریکارڈ اور حدود کا معاملہ حتمی ہونے تک کسی منصوبے پر پیش رفت غیرقانونی ہوگی، بازئی قبائلی عمائدین

کوئٹہ (یو این اے) بازئی قبائل کے معتبرین ملک محمد اسلم بازئی، محمد یوسف بازئی، حاجی شمس اللہ بازئی، جعفر اللہ بازئی، عتیق اللہ بازئی اور حبیب الرحمن بازئی نے کہا ہے کہ موضع خشکابہ ژوراخبرگ، میہ نوسارہ، [illegible] کوئٹہ میں بازئی اور برکہ قبائل کی آبائی اراضیات پر کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (QDA) کی جانب سے مجوزہ ڈیری فارم منصوبے کے حوالے سے قبائلی عمائدین کے ایک وفد نے چیف انجینئر QDA اور متعلقہ انجینئرنگ اسٹاف سے ان کے دفتر میں تفصیلی ملاقات کی، جس میں اراضی کی ملکیت، ریونیو ریکارڈ، لینڈ یوز اور مجوزہ منصوبے سے متعلق اپنے شدید تحفظات سے آگاہ کیا گیا۔ قبائلی عمائدین کی جانب سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا کہ ملاقات کے دوران QDA حکام کے سامنے واضح کیا گیا کہ مذکورہ اراضی کے حوالے سے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو (SMBR) کے ازخود نوٹس کیس نمبر 06/2026/SMBR مورخہ 18 جون 2026 کو احکامات جاری ہو چکے ہیں، جن کے تحت سال 2024 کے سیٹلمنٹ ریکارڈ کی ازسرنو جانچ، اراضی کی حدود کی تصدیق اور متعلقہ ریونیو سروے کا عمل جاری ہے۔ قبائلی عمائدین کے مطابق جب تک ریونیو ریکارڈ، ملکیتی حیثیت اور اراضی کی حدود سے متعلق معاملات مکمل طور پر واضح اور حتمی نہیں ہو جاتے، اس اراضی پر کسی بھی سرکاری یا تجارتی منصوبے کی پیش رفت مناسب نہیں ہوگی۔

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول کی کرکٹ ٹیم کا پاکستان کرکٹ بورڈ کیلئے انتخاب

کھیلوں میں طلبہ کی کامیابی لسبیلہ اور پورے بلوچستان کے لیے باعث فخر ہے، پرنسپل محمد سلیم سرپرہ

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول اوتھل، ضلع لسبیلہ کی کرکٹ ٹیم نے شاندار اعزاز حاصل کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) کی جانب سے انتخاب کا اعزاز حاصل کرلیا۔ سکول کی کرکٹ ٹیم کا یہ انتخاب طلبہ، اساتذہ، والدین اور پورے ضلع لسبیلہ کے لیے باعث فخر ہے۔ نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی مسلسل محنت، بہترین کھیل، نظم وضبط، ٹیم ورک اور اسپورٹس مین اسپرٹ کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ سکول کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے کرکٹ ٹیم، کھلاڑیوں، کوچز، اساتذہ اور والدین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی کامیابی پوری درسگاہ کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکول میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی خصوصی اہمیت دی جارہی ہے تاکہ طلبہ کی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جاسکے۔ اساتذہ اور والدین نے بھی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ منتخب نوجوان کھلاڑی مستقبل میں مزید محنت کرکے قومی سطح پر ضلع لسبیلہ اور بلوچستان کا نام روشن کریں گے۔

وندر، جمعیت علمائے اسلام سائیں عبدالصمد ہالیجوی یونٹ وندر سٹی کا اہم اجلاس، ورکرز کنونشن منعقد کرنے کا فیصلہ

کارکنان جماعتی نظم واتحاد کو مقدم رکھ کر دینی وسیاسی جدوجہد تیز کریں، مولانا محمد عمر عادل

وندر (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام سائیں عبدالصمد ہالیجوی یونٹ وندر سٹی کا اہم اجلاس مفتی عبدالمجید ہال میں یونٹ امیر حافظ کریم بخش کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس کی کارروائی یونٹ جنرل سیکرٹری بھائی عطا اللہ آچرہ نے چلائی۔ اجلاس میں یونٹ کی تنظیمی وسیاسی سرگرمیوں کو مزید فعال منظم بنانے سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اراکین عمومی کی مشاورت سے یونٹ سطح پر جلد ورکرز کنونشن منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ جبکہ وندر سٹی، ابراہیم کالونی اور آچرہ محلہ میں پرچم کشائی کی تقریبات، تحصیل جماعت کے یونٹ دورے اور دیگر تنظیمی سرگرمیوں کے حوالے سے بھی اہم ایجنڈے زیر بحث آئے۔ اجلاس کے دوران اراکین عمومی نے مختلف امور پر اپنی قیمتی آرا اور تجاویز پیش کیں۔ جن پر قیادت نے غور کرتے ہوئے جماعتی سرگرمیوں کو مزید موثر انداز میں آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔

ایران سے روابط پر چینی بینکوں پر امریکی پابندیاں عائد کرنے کا عندیہ

انتظامیہ ایران سے روابط رکھنے والے چینی بینکوں پر پابندیاں عائد کرنے کی تیاری کررہی ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران سے روابط پر چینی بینکوں پر پابندیاں عائد کرنے کا عندیہ دے دیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے عندیہ دیا کہ ان کی انتظامیہ ایران سے روابط رکھنے والے چینی بینکوں پر پابندیاں عائد کرنے کی تیاری کررہی ہے۔ اوول آفس میں ایک تقریب کے دوران صحافیوں نے ٹرمپ سے پوچھا کہ کیا وہ ایران سے متعلق لین دین پر چینی بینکوں کے خلاف پابندیاں عائد کریں گے؟ ٹرمپ نے براہ راست جواب دینے کے بجائے کہا کہ کس نے کہا کہ میں ایسا نہیں کررہا؟۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ نہیں جانتے کہ میں یہ کررہا ہوں یا نہیں۔ مجھے ہر چیز کا اعلان تو نہیں کرنا، ہے نا؟ امریکی محکمہ خزانہ نے اب تک بڑے چینی بینکوں پر پابندیاں عائد نہیں کیں، تاہم وہ چین اور ہانگ کانگ میں متعدد کمپنیوں پر پابندیاں لگا چکا ہے جن پر ایرانی حکومت اور مسلح افواج کی معاونت کا الزام ہے۔ ایسا اقدام تہران کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی امریکی کوششوں میں بڑی شدت کا باعث بن سکتا ہے۔ چین ایران کا سب سے بڑا

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی سنٹرل پولیس آفس آمد پر پولیس کے چاک وچوبند دستے کی جانب سے سلامی پیش کی جارہی ہے

خالق آباد منگچر، عیدمیلادالنبی ﷺ مذہبی جوش وجذبے کے ساتھ منائی گئی، عظیم الشان جلوس برآمد

سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہوکر ہی معاشرے میں امن اور محبت کو فروغ دیا جا سکتا ہے: علما کرام

خالق آباد منگچر (یو این اے) ملک بھر کی طرح خالق آباد منگچر میں بھی جشن عید میلادالنبی ﷺ انتہائی عقیدت واحترام، مذہبی جوش وجذبے اور بھرپور انداز میں منایا گیا۔ اس سلسلے میں جامعہ مسجد غوثیہ کلی غوث آباد سے ایک عظیم الشان جلوس نکالا گیا، جس کی قیادت مولانا الٰہی بخش نورانی اور مولانا رحیم بخش حسینی نے کی۔ جلوس میں سینکڑوں عاشقان رسول ﷺ نے شرکت کی۔ شرکا نے درود وسلام اور نعت رسول مقبول ﷺ پڑھتے ہوئے اپنی محبت وعقیدت کا اظہار کیا۔ جلوس کے شرکا نے مختلف راستوں اور بازار سے ہوتے ہوئے جامعہ مسجد فیض مصطفیٰ کلی کرک کا رخ کیا، جہاں جلوس ایک بڑے جلسے کی شکل اختیار کرگیا۔ جشن میلادالنبی ﷺ کے موقع پر شہر بھر میں مذہبی جوش وخروش پایا گیا جبکہ مختلف مقامات کو خوبصورت انداز میں سجایا گیا تھا۔ مساجد اور دیگر مقامات پر محافل میلاد، نعت خوانی اور درود وسلام کی مجالس کا بھی اہتمام کیا گیا۔

بیلا، کے الیکٹرک کی غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ عوام کے لیے دردسر بن گئی، برکت علی نادر روانجھو

کے الیکٹرک کی زیادتیاں ختم نہ ہوئیں تو عوام سڑکوں پر نکلیں گے، بی این پی کے احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان

بیلا (یو این اے) کے الیکٹرک کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عوام کے لیے دردسر بن گیا ہے کے الیکٹرک کی زیادتیاں اور لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند نہ ہوا تو عوام سڑکوں پر ہیں گے یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ حب بلوچستان کے سینئر رہنما و پاکستان جاگو تحریک بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر برکت علی نادر روانجھو نے اپنے بیان میں کہی انہوں نے کہا کہ کے الیکٹرک کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عوام کے لیے دردسر بن گیا ہے انہوں نے کہا کہ 24 گھنٹے بجلی کی بندش سمجھ سے بالاتر ہے حب شہر میں کے الیکٹرک نے خود کنڈہ مافیا کو فروغ دیا ہے بڑے بڑے کاروبار کنڈوں پر چلتے ہیں ان کے خلاف کوئی ایکشن نہیں۔ جبکہ عوام کے لیے قانون نافذ کیا جاتا ہے۔ برکت نادر روانجھو نے کہا کہ میں خود اپنے گھر کا بل ہر ماہ پابندی کے ساتھ ادا کرتا ہوں کے الیکٹرک کی جانب سے میرے بل پر اسٹار دیا گیا ہے اس کے باوجود میں خود بجلی کی سہولت سے محروم ہوں کے الیکٹرک خود مجبور کرتی ہے کہ میں بھی کنڈا لگا کر بجلی چوری میں شامل ہوجاؤں۔

گنداخہ، گوٹھ غلام نبی خان جمالی میں کھلی کچہری کا انعقاد، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کی عوامی مسائل کی سماعت

گنداخہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکریٹری بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ضلع اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی جانب سے گوٹھ غلام نبی خان جمالی، خانپور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقہ مکینوں اور مختلف سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران عوام نے اپنے درپیش مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اور ان کے فوری حل کا مطالبہ کیا۔ علاقہ مکینوں نے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، پینے کے صاف پانی کی عدم فراہمی، سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی قلت، ضلع کے مختلف اسکولوں کی خستہ حال عمارتوں، علاقے میں امن وامان کی صورتحال اور مبینہ طور پر جعلی زرعی کھاد کی فروخت سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے شکایات پیش کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے۔

حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن تنظیم نو ترمیمی بل 2026 واپس لے لیا

حکومت تمام ضروری اور بنیادی نکات کو شامل کرتے ہوئے جلد ایک نیا اور جامع پی ٹی آر اے بل پیش کرے گی، تاکہ متعلقہ قانونی عمل کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن تنظیم نو ترمیمی بل 2026 واپس لے لیا، بل واپس لینے کی تحریک وزیرآئی ٹی کی جگہ وزیرمملکت طلال چوہدری نے سینیٹ اجلاس میں پیش کی۔ وفاقی وزیر برائے آئی ٹی وٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے ٹیلی کام بل پی ٹی آر اے کے حوالے سے اہم بیان میں کہا کہ سینیٹ سے پی ٹی آر اے بل واپس لینے کی درخواست جمع کرادی گئی ہے، جبکہ تمام ضروری اور بنیادی نکات شامل کرکے جلد نیا اور جامع بل پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آر اے بل کی 90 روزہ قانونی مدت ختم ہونے کے قریب تھی، اسی لیے بل واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا، اگر بل واپس نہ لیا جاتا تو معاملہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں چلا جاتا، تاہم فی الحال مشترکہ اجلاس کے انعقاد کے حوالے سے کوئی حتمی امکان موجود نہیں تھا۔ شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ قانونی عمل کو تیز اور بلاتاخیر مکمل کرنے کے لیے سینیٹ سے بل واپس لینے کی درخواست جمع کرائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام ضروری اور بنیادی نکات کو شامل کرتے ہوئے جلد ایک نیا اور جامع پی ٹی آر اے بل پیش کرے گی، تاکہ متعلقہ قانونی عمل کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔

پنجگور، نرسنگ کالج میں اساتذہ کی شدید کمی، تعلیمی نظام شدید متاثر ہونے کا خدشہ

بی ایس نرسنگ گریجویٹس کو ترجیح دے کر خالی آسامیاں فوری پر کی جائیں، نرسنگ پروفیشنلز کا وزیراعلیٰ سے مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور نرسنگ کالج میں اساتذہ کی شدید کمی، تعلیمی نظام متاثر ہونے کا خدشہ گورنمنٹ کالج آف نرسنگ پنجگور میں اساتذہ کی شدید کمی کے باعث نرسنگ طلبہ کی تعلیم متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ کالج میں اس وقت صرف دو نرس ٹیوٹرز موجود ہیں، جبکہ BS Nursing کے دو بیچز سیکنڈ اور آٹھویں سمسٹر کی کلاسز جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق محدود تدریسی عملے کے باعث اتنے بڑے تعلیمی نظام کو موثر انداز میں چلانا مشکل ہورہا ہے، جس سے طلبہ کو تعلیمی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بعض قابل اور تجربہ کار نرسنگ ٹیچرز جو پہلے Trauma/Clinical Services میں خدمات انجام دے رہے تھے، انہیں نرسنگ کالجز میں تدریسی خدمات کے لیے فارغ کیا گیا، تاہم تاحال ان کا باقاعدہ Appointment/Joining Orders جاری نہیں کیے گئے۔ سرکاری احکامات جاری نہ ہونے کے باعث ان اساتذہ کی باقاعدہ تعیناتی بھی ممکن نہیں ہورہی۔ دوسری جانب بلوچستان کے متعدد BS Nursing graduates اور تجربہ کار نرسنگ پروفیشنلز روزگار کے مواقع کے منتظر ہیں۔ بعض مقامی امیدواروں نے BPSC کا تحریری امتحان کامیابی سے پاس کیا، تاہم تین سال تجربے کی شرط کے باعث انہیں اگلے مرحلے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

ژوب، متھا خان کاروان کا پشتون قومی جرگے کیلئے 3 لاکھ روپے تعاون کا اعلان

ژوب (یو این اے) متھا خان کاروان کے ضلعی صدر حاجی شاہ زمان کاکڑ نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی چیئرمین وقائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی کی جانب سے اعلان کردہ جرگے کے سلسلے میں ژوب ڈویژن کے تینوں اضلاع ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے لیے ایک ایک لاکھ روپے، مجموعی طور پر تین لاکھ روپے تعاون کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلے میں حاجی شاہ زمان کاکڑ نے متھا خان کاروان کے سینئر ساتھیوں کی موجودگی میں ژوب ڈویژن کے تینوں اضلاع کے ضلعی ذمہ داران کے حوالے ایک ایک لاکھ روپے نقد پیش کیے۔ اس موقع پر حاجی شاہ زمان کاکڑ نے کہا کہ پشتون قوم کے محترم بزرگ نواب ایاز خان جوگیزئی کی صدارت میں منعقد ہونے والا یہ جرگہ خطے میں امن، بھائی چارے، قبائلی ہم آہنگی اور علاقے کے استحکام وسلامتی کے لیے ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔

اوتھل، فیضان اسلامک اسکول میں جشن عید میلادالنبی ﷺ کی پروقار تقریب کا انعقاد

بچوں میں عشق رسول ﷺ اور سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہونے کا جذبہ پیدا کرنا تقریب کا اصل مقصد ہے، مقررین

اوتھل (یو این اے) دعوت اسلامی کے اہم تعلیمی ادارے فیضان اسلامک اسکول اوتھل کیمپس میں جشن عید میلادالنبی ﷺ کے سلسلے میں ایک پروقار اور روح پرور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں اسکول کے بچوں، اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت کی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مختلف پروگرامز پیش کیے گئے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد بچوں اور بچیوں نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت ومحبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت انداز میں نعتیں پیش کیں۔ بچوں نے جشن ولادت مصطفیٰ ﷺ کے حوالے سے تقاریر بھی کیں، جن میں سیرت طیبہ، اخلاق مصطفیٰ ﷺ اور آپ ﷺ سے محبت وعقیدت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر اسکول کے بچوں کا جوش وخروش دیدنی تھا، بچوں نے نہایت ادب واحترام کے ساتھ جشن میلاد میں شرکت کی اور حضور نبی کریم ﷺ سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران درود وسلام کی صداؤں سے ماحول معطر رہا جبکہ بچوں نے میلاد مصطفیٰ ﷺ کی خوشی میں بھرپور انداز میں شرکت کرتے ہوئے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ مقررین نے اپنے اظہار خیال میں کہا کہ جشن عید میلادالنبی ﷺ منانے کا مقصد بچوں کے دلوں میں عشق رسول ﷺ کو مزید اجاگر کرنا اور انہیں سیرت مصطفیٰ ﷺ کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دینا ہے۔

گنداخہ، بارہ ربیع اول کے موقع پر قادری مسجد سے عظیم الشان جلوس میلاد کا انعقاد

گنداخہ (یو این اے) گنداخہ میں دعوت اسلامی کے زیراہتمام بارہ ربیع الاول، جشن عید میلادالنبی ﷺ کے بابرکت موقع پر قادری مسجد سے عظیم الشان اور پروقار جلوس میلاد نکالا گیا، جس کی قیادت دعوت اسلامی کے مبلغ جمال الدین عطاری نے کی۔ جلوس میں علماکرام، دینی ومذہبی شخصیات، دعوت اسلامی کے کارکنان سمیت بڑی تعداد میں عاشقان رسول ﷺ نے شرکت کی۔ جلوس کے شرکا نے درود وسلام، نعت رسول مقبول ﷺ اور ذکر واذکار کے ذریعے اپنی والہانہ محبت وعقیدت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر حضرت علامہ مولانا محمد عثمان مدنی نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گنداخہ میں عید میلادالنبی ﷺ کے موقع پر نکالی جانے والی یہ تاریخی اور عظیم الشان ریلی عاشقان رسول ﷺ کی حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے بے پناہ محبت، عقیدت اور وابستگی کا عملی ثبوت ہے۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نواں کلی BDA بائی پاس پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
DAILY SABA–Quetta
روزنامہ
صباء
کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

ٹیکس نظام میں اصلاحات

ٹیکس نظام میں اصلاحاتی اقدامات کے نفاذ کو معینہ مدت میں مکمل جائے، اصلاحات کا تھرڈ پارٹی آڈٹ یقینی بنایا جائے، ملکی ترقی کے لیے ٹیکس نظام میں اصلاحات کا نفاذ کررہے ہیں، ڈیجیٹلائزیشن، پیداوار کی نگرانی اور خودکار نظام ایف بی آر اصلاحات کے اہم ستون ہیں۔ وزیراعظم نے ٹیکس چوری، اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار کے خلاف مؤثر کارروائی مزید تیز کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ ایف بی آر میں اچھی شہرت کے گڈز ایویلیویٹرز کی تعیناتی کا عمل خوش آئند امر ہے، چیئرمین ایف بی آر اور ان کی ٹیم کی اس حوالے سے کوششیں لائق تحسین ہیں۔ اجلاس میں ایف بی آر میں جاری اصلاحات، بالخصوص پی آر اے ایل کی تنظیم نو، ٹیکس نظام کی ڈیجیٹلائزیشن اور اسمگلنگ کے تدارک کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ٹیکس نظام کو جدید، مربوط اور ڈیٹا پر مبنی بنانے کے لیے IRIS 3، نئے ٹیکس آپریٹنگ ماڈل اور سینٹرل ڈیٹا بیس پر مرحلہ وار کام جاری ہے، IRIS 3.0 کے ڈیزائن کے لیے بین الاقوامی کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پرال میں ٹیکنالوجی، ڈیٹا سکیورٹی، آپریشنز اور ٹیکس ڈومین سمیت مختلف شعبوں میں نئی سینئر قیادت کی تعیناتیاں کی گئی ہیں، IRIS 3.0 کے تحت ٹیکس نظام کو مزید مؤثر بنانے، آٹو ٹیکس کے تصور کو پائلٹ کرنے اور مستقبل میں مصنوعی ذہانت و مشین لرننگ کو ٹیکس وصولی بہتر بنانے کے لیے استعمال کرنے کے منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے۔ کسٹمز کے شعبے میں فیس لیس اسیسمنٹ کے مثبت اثرات سے متعلق اجلاس کو بتایا گیا کہ جنوری تا جون 2026 کے دوران فی گڈز ڈیکلریشن اوسط ریونیو میں 12 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فیس لیس اسیسمنٹ کے نتیجے میں فی گڈز ڈیکلریشن کے محاصل میں بہتری کے ساتھ ساتھ درآمدی بے ضابطگیوں کی نشاندہی اور نگرانی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ کسٹمز اسیسمنٹ کے نظام کو مزید مربوط بنانے کے لیے 280 گڈز ایویلیویٹرز کی بھرتی کا عمل حتمی مراحل میں ہے۔ اسلام آباد میں سینٹرل اسیسمنٹ یونٹ کے قیام پر بھی پیش رفت جاری ہے، عبوری انتظام کے تحت یونٹ 31 دسمبر 2026 تک فعال کرنے جبکہ مکمل مربوط سہولت کو جون 2027 تک نئے کمپلیکس میں فعال کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جولائی 2025 میں ڈیجیٹل انوائسنگ کے ذریعے 236 بلین روپے کی ٹرانزیکشنز ہوئیں جبکہ جولائی 2026 میں ان کا حجم 2.5 ٹریلین روپے کی سطح کو عبور کر گیا، اور دسمبر 2026 تک ڈیجیٹل انوائسنگ کے ذریعے 4 ٹریلین روپے کی ٹرانزیکشنز کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

جنت سے آخری خط

اعظم ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم پاکستانی سرکار!

میں جنت سے لکھ رہا ہوں۔ مجھے نہیں معلوم زمین پر خط کیسے پہنچتے ہیں۔ ابو کہتے تھے ملک میں ایک سرکار ہوتی ہے، سرکار سب دیکھتی ہے۔ اسی لئے سوچا، شاید میرا خط بھی آپ تک پہنچ جائے۔

وہاں میری آواز نہیں پہنچ سکی تھی۔

میں پمز اسپتال کے نرسری وارڈ میں بہت رویا تھا۔ ہاتھ پاؤں مارے تھے۔ میری ننھی سی سانس نے بھی مدد کے لئے کسی کو پکارا تھا۔ مگر دھواں بہت تھا، آگ بہت تھی، شور بہت تھا۔ میری آواز چھوٹی تھی۔ اور میں جل گیا۔ اب میں جنت میں ہوں۔ فرشتے میرے جیسے بچوں کو اٹھائے پھرتے ہیں۔ یہاں کسی بچے کو یہ ڈر نہیں کہ اس کی ماں اسے دوبارہ نہیں دیکھ پائے گی۔ لیکن سرکار مجھے ایک بات سمجھ نہیں آرہی۔ میرا قصور کیا تھا؟ میں نے تو ابھی دنیا دیکھی ہی نہیں تھی۔ میں اپنی ماں کا چہرہ بھی ٹھیک سے نہیں دیکھ سکا۔ شاید اس نے مجھے پہلی بار گود میں لیا ہوگا۔ شاید میرے ماتھے کو چوما ہوگا۔ شاید اس نے میرے کان میں کوئی نام بھی کہا ہوگا۔ مجھے نہیں معلوم۔ میں تو اتنا چھوٹا تھا کہ مجھے کچھ یاد بھی نہیں۔ مگر میری ماں کو سب یاد رہے گا۔ اسے میرے آنے سے پہلے کے نو مہینے یاد رہیں گے۔ وہ درد یاد رہے گا۔ وہ انتظار یاد رہے گا۔ وہ دعائیں یاد رہیں گی جو اس نے میرے لیے مانگی تھیں۔ اور میرے ابو؟ وہ شاید کئی سال سے میرا انتظار کر رہے تھے۔ انہوں نے سوچا ہوگا بیٹا بڑا ہوگا تو میرا ہاتھ پکڑے گا۔ میرے ساتھ چلے گا۔ میرے بڑھاپے میں میرا دست و بازو بنے گا۔ میں نے بھی سوچا ہوگا۔ نہیں، میں نے سوچا نہیں ہوگا۔ میں تو ابھی سوچنا بھی نہیں جانتا تھا۔ مگر میرے ماں باپ نے میرے لئے پوری زندگی سوچ لی تھی۔ سرکار، مجھے بس اتنا سا وقت چاہئے تھا کہ میں بڑا ہو جاتا۔ پھر شاید ڈاکٹر بنتا۔ شاید سائنس دان۔ شاید استاد۔ شاید کچھ بھی نہ بنتا۔ بس اچھا آدمی بن جاتا۔ اپنی ماں کیلئے اچھا بیٹا تو بن ہی جاتا۔ لیکن تم نے مجھے اتنا وقت بھی نہیں دیا۔ سرکار، مجھے ایک بات پوچھنی ہے۔ پاکستان میں پیدا ہونا میری سزا تھی یا جزا؟ میں نے کسی کا کیا بگاڑا تھا؟ کیا غریب کے گھر پیدا ہونا جرم ہے؟ کیا سرکاری اسپتال میں پیدا ہونے والے بچے کی زندگی اتنی ہی سستی ہوتی ہے؟ تمہارے لئے ہم چودہ بچے چودہ نمبر ہیں۔ مگر میری ماں کیلئے میں صرف ایک نہیں تھا۔ میں اس کی دنیا تھا۔ اور اب اس دنیا میں اس کی گود خالی ہے۔ تم کہتے ہو تحقیقات ہوں گی۔ سرکار، یہ جملہ مجھے بہت پرانا لگتا ہے۔ زمین پر جب کوئی مر جاتا ہے تو تحقیقات ہوتی ہیں۔ کمیٹی بنتی ہے۔ افسر معطل ہوتا ہے۔ بیان آتا ہے۔ ٹی وی پر چند دن شور ہوتا ہے۔ سوشل میڈیا پر ہیش ٹیگ چلتا ہے۔ پھر کوئی نئی خبر آجاتی ہے۔ اور ہم جیسے پرانی خبر بن جاتے ہیں۔ مگر میری ماں کے گھر میں میں کبھی پرانی خبر نہیں بنوں گا۔ وہاں میرے کپڑے رہیں گے۔ میری خالی جگہ رہے گی۔ اور ہاں ایک اور سوال بھی۔ میرا بچہ کیوں مر گیا؟ سرکار، مجھے یہ نہیں بتانا کہ آگ کیسے لگی۔ مجھے یہ بتاؤ کہ جب آگ لگی تو مجھے بچانے والے کہاں تھے؟ فائر الارم کہاں تھا؟ وہ لوگ کہاں تھے جو مجھے گود میں اٹھا سکتے تھے؟ راستہ کہاں تھا؟ نظام کہاں تھا اور اگر نظام موجود تھا تو پھر میں جنت میں کیوں ہوں؟۔

چارج شیٹ!

انصار عباسی

اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے۔ یہ وہ شہر ہے جہاں ملک کے اقتدار کے مراکز موجود ہیں، جہاں پارلیمنٹ ہے، وزیراعظم ہاؤس ہے، ایوانِ صدر ہے، بڑے بڑے سرکاری دفاتر ہیں، سفارت خانے ہیں اور جہاں ملک کے حکمران اپنے دفاتر میں بیٹھ کر عوام کے مسائل کے حل کے دعوے کرتے ہیں۔ یہ شہر پاکستان کے خوشحال اور ترقی یافتہ شہروں میں شمار ہوتا ہے۔ اس شہر کو اشرافیہ کا شہر بھی کہا جاتا ہے۔ لیکن اسی دارالحکومت کے سب سے بڑے سرکاری اسپتال پمز میں نومولود بچوں کی المناک موت ہمیں ایک ایسا سوال دے گئی ہے جس کا جواب صرف پمز کی انتظامیہ کو نہیں بلکہ حکومت اور پورے نظام حکمرانی کو دینا ہوگا۔ پمز کی نرسری میں آگ لگی اور اطلاعات کے مطابق 16 نومولود بچوں میں سے 15 جان کی بازی ہار گئے۔ یہ محض ایک حادثہ نہیں۔ یہ ایک ایسا سانحہ ہے جس کے ہر پہلو کی مکمل اور غیر جانب دارانہ تحقیقات ہونی چاہیے۔ آگ کس وجہ سے لگی؟ اگر واقعی ایئر کنڈیشنر کے کمپریسر سے آگ شروع ہوئی تو کیا اس کی بروقت روک تھام کے لیے ضروری انتظامات موجود تھے؟ نرسری میں آگ بجھانے کا مناسب سامان تھا؟ عملہ تربیت یافتہ تھا؟ ایمرجنسی کی صورت میں بچوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کا کوئی موثر نظام موجود تھا؟ الارم اور فائر سیفٹی کا نظام فعال تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جب آگ لگی تو نومولود بچوں کی حفاظت کے لیے وہاں کون موجود تھا؟ والدین کی جانب سے جو الزامات سامنے آئے ہیں وہ بہت تشویشناک ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ آگ لگنے کے وقت متعلقہ عملہ موجود نہیں تھا، نرسری میں ڈاکٹرز یا دیگر ضروری عملہ موجود نہیں تھا، جبکہ این آئی سی یو کا دروازہ بھی لاک ہونے کا الزام ہے۔ ریسکیو اور پولیس کے پہنچنے کے حوالے سے بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ ان تمام دعووں کی تصدیق یا تردید تحقیقات کے ذریعے ہونی چاہیے، لیکن ایک بات طے ہے کہ اگر ان میں سے کوئی الزام بھی درست ثابت ہوتا ہے تو یہ محض غفلت نہیں بلکہ مجرمانہ نوعیت کی سنگین کوتاہی ہے، معصوموں کا قتل ہے۔ سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ آخر ہمارے سرکاری اسپتالوں کی حالت یہاں تک کیسے پہنچ گئی؟ میں ذاتی طور پر بھی کئی مرتبہ حکومت کی توجہ اسلام آباد کے سرکاری اسپتالوں کی صورتحال کی طرف دلاتا رہا ہوں۔ وزیراعظم شہباز شریف سے بھی اس معاملے پر بات ہوئی اور وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے بھی پمز اور پولی کلینک سمیت سرکاری اسپتالوں کی حالت بہتر بنانے کی ضرورت پر بات کی۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ اسپتالوں کی عمارتیں بنانا اور ان کے ناموں کے ساتھ نئے منصوبوں کا اعلان کرنا آسان ہے، مگر موجودہ اسپتالوں کو موثر، محفوظ اور قابلِ اعتماد بنانا شاید ہماری ترجیحات میں شامل ہی نہیں۔ پمز اور پولی کلینک جیسے ادارے کئی علاقوں کے عام شہریوں کے لیے محض اسپتال نہیں بلکہ آخری امید ہیں۔ غریب اور متوسط طبقے کے لوگ یہاں علاج کے لیے آتے ہیں۔ لیکن وہاں کا ماحول اور سہولیات دیکھ کر انتہائی دکھ ہوتا ہے۔ وہاں کے حالات دیکھ کر تو اچھا خاصا انسان بیمار ہو جاتا ہے۔ انسان حیران رہ جاتا ہے کہ کیا یہ پاکستان کے دارالحکومت کے سرکاری اسپتال ہیں۔ اگر ملک کے دارالحکومت میں صحت کی بنیادی سرکاری سہولتوں کا یہ حال ہے تو پھر دور دراز علاقوں کے سرکاری اسپتالوں میں عوام کس حال میں ہوں گے؟ پمز کا یہ سانحہ اسی لیے صرف پمز کا مسئلہ نہیں۔ یہ وفاقی حکومت کیلئے گویا ایک چارج شیٹ ہے۔ یہ صحت کے شعبے کے ذمہ دار حکام کے لیے چارج شیٹ ہے۔ یہ اسپتال انتظامیہ کے لیے چارج شیٹ ہے۔ اور اگر تحقیقات میں غفلت ثابت ہوتی ہے تو ان تمام افراد کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے جن کی ذمہ داری تھی کہ نومولود بچوں کی جانوں کی حفاظت یقینی بناتے۔ ہم اکثر نئے اسپتال بنانے، نئی عمارتوں کا افتتاح کرنے اور صحت کے بڑے بڑے منصوبوں کے اعلانات کو کامیابی سمجھ لیتے ہیں۔ لیکن اصل کامیابی یہ ہے کہ جو اسپتال پہلے سے موجود ہیں، وہاں مریض محفوظ ہوں، ڈاکٹرز اور نرسیں موجود ہوں، ضروری سامان دستیاب ہو، ایمرجنسی کا نظام فعال ہو اور کسی حادثے کی صورت میں قیمتی جانوں کو بچانے کی مکمل تیاری ہو۔ نومولود بچے اپنی حفاظت خود نہیں کرسکتے۔ وہ نہ آگ سے بچ سکتے ہیں، نہ مدد کے لیے آواز دے سکتے ہیں، نہ کسی دروازے کو کھول سکتے ہیں۔ ان کی حفاظت مکمل طور پر اسپتال کے عملے اور نظام کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اسی لیے نرسری میں بچوں کی ہلاکت عام حادثے کے پیمانے سے نہیں دیکھی جاسکتی۔ اب صرف یہ کہنا کافی نہیں کہ تحقیقات ہوں گی۔ تحقیقات ایسی ہونی چاہئیں جس سے ذمہ داری کا تعین ہو۔ اگر کسی کی غفلت سامنے آئے تو اسے محض معطل کر کے معاملہ ختم نہ کیا جائے بلکہ قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔ ساتھ ہی فوری طور پر پمز سمیت اسلام آباد کے تمام سرکاری اسپتالوں کا فائر سیفٹی اور ایمرجنسی آڈٹ کے ساتھ ساتھ یہ دیکھا جائے کہ ان اسپتالوں کی مجموعی حالت کیا ہے اور کیا حکمران اپنا اور اپنے خاندان کے افراد کا یہاں علاج کرانا پسند کریں گے؟ آج 15 گھروں کے چراغ بجھ گئے ہیں۔ ان والدین کے لیے کوئی حکومتی بیان، کوئی انکوائری اور کوئی معاوضہ ان کے بچوں کو واپس نہیں لاسکتا۔ لیکن اگر اس سانحے کے بعد بھی ہم نے اپنے اسپتالوں کی حالت نہ بدلی، اگر فائر سیفٹی کے انتظامات بہتر نہ کیے، اگر ذمہ داروں کا تعین نہ کیا اور اگر دوبارہ ایسا واقعہ روکنے کیلئے عملی اقدامات نہ کیے تو پھر یہ صرف 15 بچوں کی موت نہیں ہوگی، یہ ہمارے اجتماعی احساس کی موت بھی ہوگی۔ اسلام آباد کی سڑکیں خوبصورت ہوسکتی ہیں، عمارتیں شاندار ہوسکتی ہیں، سرکاری دفاتر جدید ہوسکتے ہیں، تو ہمارے اسپتالوں کو کیوں ایسی حالت میں رکھا ہوا ہے جہاں نومولود بچوں تک کی جان محفوظ نہیں۔

ربیع الاول، مدینے کی خوشبو اور رحمتِ عالم

ڈاکٹر سعید الٰہی

ربیع الاول کا چاند طلوع ہوتا ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے صدیوں کے فاصلے سمٹ گئے ہوں، جیسے مکہ کی وہ گلیاں آج بھی کسی نورانی قدموں کی چاپ سن رہی ہوں، جیسے مدینے کی ہوائیں آج بھی اس ہستی کی خوشبو اپنے دامن میں لیے ہوئے ہیں جس نے انسان کو انسانیت کا شعور عطا کیا، پتھر دلوں کو موم کیا، غلاموں کو عزت دی، عورت کو وقار بخشا، یتیم کے سر پر دستِ شفقت رکھا اور دنیا کو بتایا کہ طاقت کا کمال انتقام میں نہیں، عفو و درگزر میں ہے۔ یہ ربیع الاول ہے: حبیبِ کبریا، رحمتِ دو عالم، سید المرسلین، خاتم النبیین، امام الانبیا، محبوب رب العالمین اور محسنِ انسانیت کی یاد کا مہینہ۔ سوچیے! ایک طرف عرب کی سرزمین تھی؛ قبائلی تعصب، انتقام، جہالت، بت پرستی اور معاشرتی ظلم کا غلبہ۔ دوسری طرف مکہ کی ایک خاموش وادی میں ایک یتیمِ عبداللہ کھڑا ہوتا ہے اور اعلان کرتا ہے: لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ یہ صرف چند الفاظ نہ تھے۔ یہ انسانی ضمیر کی آزادی کا اعلان تھا۔ یہ قیصر و کسریٰ سے زیادہ بڑا انقلاب تھا، کیونکہ اس نے سب سے پہلے انسان کے اندر کے بت توڑے۔ وہ محمدؐ ہیں۔ وہی صادق، جنکی صداقت کے دشمن بھی معترف تھے۔ وہی امین، جنکے پاس مخالفین بھی اپنی امانتیں رکھتے تھے۔ وہی رحمۃ للعالمین، جنکے دل میں اپنے ستانے والوں کیلئے بھی خیر خواہی تھی۔ وہی سراجاً منیراً، جنہوں نے تاریک دنیا کو ہدایت کی روشنی عطا کی۔ سیرت کی سب کتابوں کو پڑھتے ہوئے ایک حقیقت بار بار دل پر دستک دیتی ہے: محمدؐ صرف ایک تاریخ ساز شخصیت نہیں، ایک مکمل اسوہ ہیں۔ آپ مسجد میں بھی تھے اور میدانِ عمل میں بھی، گھر میں بھی تھے اور ریاست کے سربراہ بھی، یتیموں کے والی بھی تھے اور فاتحِ مکہ بھی۔ لیکن فتح کے دن جب وہ لوگ سامنے کھڑے تھے جنہوں نے آپ کو مکہ سے نکالا، راستے میں کانٹے بچھائے، آپ پر ظلم کیا اور آپ کے اصحاب کو اذیتیں دیں، تو فاتحِ مکہ کے لبوں پر انتقام نہیں بلکہ رحمت تھی۔ یہ وہ مقام ہے جہاں انسان حیران رہ جاتا ہے! دنیا کے فاتحین تاریخ کی کتابوں میں اپنے دشمنوں کی لاشیں گنواتے ہیں، مگر محمدؐ نے فتح کے دن دشمنوں کو معافی دی اور یہی ان کی عظمت ہے۔ حضور اکرمؐ کی شخصیت صرف مسلمانوں کے دلوں کا سرمایہ نہیں، غیر مسلم اور مغربی اہلِ علم بھی آپ کے تاریخی اثرات، اخلاقی عظمت اور انسانی کردار کا برملا اعتراف کرتے ہیں۔ امریکی ماہر طبیعیات اور مصنف مائیکل ہارٹ نے اپنی مشہور کتاب The 100 میں دنیا کی سو سب سے بااثر شخصیات کی فہرست میں محمدؐ کو پہلے نمبر پر رکھا۔ اس کا کہنا تھا کہ محمدؐ تاریخ کے واحد انسان تھے جو مذہبی اور دنیوی، دونوں میدانوں میں غیر معمولی طور پر کامیاب ہوئے۔ کیرن آرمسٹرانگ، جس نے رسول اللہؐ کی سیرت پر مستقل کتاب لکھی، کے مطابق محمدؐ عظیم روحانی اور سیاسی شخصیت ہونے کے باوجود اپنی انسانیت، شفقت اور محبت سے کبھی جدا نہیں ہوئے۔ کیا عجیب منظر ہے! ہم کہتے ہیں: محمدؐ رحمت للعالمین ہیں۔ اور مغرب کا ایک قلم اٹھتا ہے اور کہتا ہے کہ اس شخصیت کو سمجھنے کیلئے اسکی زندگی، اسکی جدوجہد، اسکی محبت، اسکے صبر اور اسکی انسانیت نوازی کو سمجھنا ہوگا۔ برطانوی مصنف مارٹن لنگز نے بھی سیرتِ نبوی پر اپنی معروف کتاب میں قدیم عربی مصادر کی بنیاد پر حضور کی حیاتِ مبارکہ کو تفصیل سے پیش کیا۔ مگر سوال یہ ہے کہ ہم نے محمدؐ کو کتنا پڑھا؟ ہم نے آپ کی ولادت پر چراغاں تو کیا، مگر کیا ہمارے گھروں میں آپؐ کی سنت کا چراغ بھی روشن ہے؟ ہم نے نعتیں تو پڑھیں، مگر کیا ہماری زبان جھوٹ سے پاک ہوئی؟ ہم نے درود تو بھیجا، مگر کیا ہم نے کسی غریب کا ہاتھ تھاما؟ ہم نے محبتِ رسول کے دعوے تو کیے، مگر کیا ہمارے معاملات میں الامین کی امانت پیدا ہوئی؟ یہی وہ مقام ہے جہاں ربیع الاول ہمیں جھنجھوڑتا ہے۔

اقبال نے کیا خوب کہا:

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا، لوح و قلم تیرے ہیں

اور عاشقِ رسول امام احمد رضا نے کیا خوب کہا، وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

ربیع الاول دراصل پھولوں، چراغوں اور جھنڈیوں سے زیادہ کردار کا موسم ہے۔ یہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جس نبیؐ نے دشمن کیلئے بھی رحمت چاہی، ہم اپنے بھائی سے کیوں نفرت کریں؟ جس نبیؐ نے یتیم کے سر پر ہاتھ رکھا، ہم اپنے معاشرے کے کمزور انسان کو کیوں بھول جائیں؟ جس نبیؐ نے عدل قائم کیا، ہم اپنی ذاتی پسند و ناپسند کو انصاف پر کیوں غالب آنے دیں؟

سیلاب کی تباہ کاریاں، منیشا کوئرالا میدانِ عمل میں آگئیں

سیلاب سے تباہی شاید بہت سے لوگوں نے اپنی زندگی میں پہلے کبھی نہ دیکھی ہو، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مقبول ترین ہیروئنز میں سے ایک منیشا کوئرالا نیپال میں آنے والے حالیہ ہلاکت خیز سیلاب پر متاثرین کی مدد کے لیے میدان عمل میں آگئیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق منیشا کوئرالہ نے کھٹمنڈو میں ایک تقریب کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب سے ہونے والی تباہی دیکھ کر شدید صدمے میں ہیں۔ ان کے بقول نیپال میں سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال کی شدت کا اندازہ متاثرہ علاقوں سے سامنے آنے والی تصاویر اور کہانیوں سے لگایا جاسکتا ہے ایسی تباہی شاید بہت سے لوگوں نے اپنی زندگی میں پہلے کبھی نہ دیکھی ہو۔ اداکارہ کا مزید کہنا تھا کہ اس قدرتی آفت نے نیپال میں آنے والے ماضی کے تباہ کن زلزلے کی یاد دلا دی تاہم موجودہ صورتحال میں انسانی مشکلات کی شدت دیکھنا انتہائی تکلیف دہ ہے۔ منیشا کوئرالہ نے مزید کہا کہ اس مشکل وقت میں سب سے پہلے ان لوگوں کے بارے میں سوچنا چاہیے جو سیلاب کے باعث اپنے گھروں، روزگار اور بنیادی ضروریات سے محروم ہو گئے ہیں۔ اداکارہ نے عوام پر زور دیا کہ وہ مذہب، قومیت اور سرحدوں سے بالاتر ہو کر متاثرین کے ساتھ کھڑے ہوں اور عملی طور پر ان کی مدد کریں۔ اداکارہ نے متاثرین کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت صرف افسوس کا اظہار کافی نہیں بلکہ ضرورت مند خاندانوں تک امداد پہنچانے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرنا چاہیے۔

شوہر نے پہلی شادی چینی خاتون سے کی تھی، سوتیلی بیٹیوں کے بہت قریب ہوں: جیا علی

ان کے شوہر اور سابق اہلیہ کے درمیان آج بھی ایک دوسرے کے لیے احترام کا رشتہ موجود ہے

کراچی (آن لائن) پاکستانی سپر ماڈل و اداکارہ جیا علی نے اپنی ازدواجی زندگی، شوہر عمران کی پہلی شادی اور سوتیلی بیٹیوں کے ساتھ اپنے تعلقات کے بارے میں کھل کر گفتگو کی ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ وہ شوہر کے ماضی سے ابتدا ہی سے واقف تھیں اور انہوں نے ان کی پہلی شادی اور بچوں کو حقیقت کے طور پر قبول کرتے ہوئے اپنی ازدواجی زندگی کا آغاز کیا۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے جیا علی نے بتایا کہ ان کے شوہر عمران نے کم عمری میں شادی کی تھی اور وہ ان کی دوسری اہلیہ ہیں۔ ان کے مطابق عمران نے 22 سال کی عمر میں ہانگ کانگ سے تعلق رکھنے والی ایک چینی خاتون سے شادی کی تھی، جس سے ان کی دو بیٹیاں ہیں، جن کی عمریں اب 18 اور 20 سال ہیں۔ جیا علی نے بتایا کہ ان کے شوہر اور سابق اہلیہ طلاق کے باوجود اپنی بیٹیوں کی پرورش مل کر کر رہے ہیں۔ اداکارہ کے مطابق جب ان کی عمران سے شادی ہوئی تو وہ پہلے ہی تقریباً 10 سال سے طلاق یافتہ تھے اور وہ اپنے شوہر کی پہلی شادی کے بارے میں پہلے ہی جانتی تھیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ان کے شوہر اور سابق اہلیہ کے درمیان آج بھی ایک دوسرے کے لیے احترام کا رشتہ موجود ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے عمران کو اپنی بیٹیوں کے ساتھ ایک اچھے والد کے طور پر دیکھا، جس کے باعث انہیں یقین ہوا کہ وہ ایک اچھے شوہر بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ جیا علی نے واضح کیا کہ ان کا شوہر کی سابق اہلیہ کے ساتھ کوئی ذاتی تعلق نہیں، تاہم وہ اپنی سوتیلی بیٹیوں کے بہت قریب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنے شوہر کی پہلی شادی اور بچوں سے متعلق ماضی کو ہمیشہ ایک حقیقت کے طور پر قبول کیا اور اسی سمجھ بوجھ کے ساتھ اپنی ازدواجی زندگی کا آغاز کیا۔

میں ٹام کروز نہیں، بھاگنا میری زندگی کا حصہ نہیں: گال گیڈوٹ

نئی ایکشن تھرلر فلم 'دی رنز' کے لیے 9 ماہ تک اولمپک ٹرینر سے تربیت لی، اداکارہ کا انکشاف

لاس اینجلس (آن لائن) ہالی ووڈ کی معروف اداکارہ گال گیڈوٹ نے اپنی نئی ایکشن تھرلر فلم 'دی رنز' کے لیے کی جانے والی سخت جسمانی تیاری کے حوالے سے دلچسپ انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ٹام کروز نہیں اور دوڑنا ان کی زندگی کا حصہ نہیں رہا، اس لیے فلم کے کردار کے لیے انہیں باقاعدہ دوڑنے کی تربیت لینا پڑی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 2 ستمبر کو ریلیز کے لیے شیڈول فلم کے پریمیئر کے موقع پر 41 سالہ گال گیڈوٹ نے بتایا کہ فلم میں مسلسل دوڑنے والے کردار کو نبھانے کے لیے انہیں خاص تیاری کرنا پڑی۔ اداکارہ نے کہا کہ وہ کوئی دوڑنے والی ایتھلیٹ نہیں ہیں اور ایک وقت میں انہیں دوڑنے سے سخت نفرت تھی، تاہم فلم کی ضروریات کے پیش نظر انہیں باقاعدگی سے دوڑنا سیکھنا پڑا۔ گال گیڈوٹ کے مطابق انہوں نے تقریباً 9 ماہ تک ایک بہترین اولمپک ٹرینر کے ساتھ تربیت حاصل کی، جنہوں نے انہیں دوڑنے کے عمل کو کسی حد تک پسند کرنا بھی سکھایا۔ فلم 'دی رنز' میں گال گیڈوٹ نے مایا ارٹن نامی لندن کی ایک معروف وکیل کا کردار ادا کیا ہے۔ کہانی میں مایا کو ایک صبح معلوم ہوتا ہے کہ اس کے بیٹے کو اغوا کرلیا گیا ہے۔ فلم کے دوران مایا کو مسلسل دوڑتے رہنے اور ملنے والی ہدایات پر عمل کرنے کا حکم دیا جاتا ہے، جبکہ اسے خبردار کیا جاتا ہے کہ اگر اس نے کسی کو صورتحال سے آگاہ کیا تو اس کے بیٹے کی جان خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ فلم کی کہانی ایکشن، سسپنس اور تھرل سے بھرپور ہے، جس میں گال گیڈوٹ کا کردار اپنے بیٹے کو بچانے کے لیے وقت کے خلاف دوڑتا دکھائی دے گا۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ فلم کے کردار کے لیے مسلسل دوڑنے کی مشق ان کے لیے آسان نہیں تھی، تاہم کئی ماہ کی تربیت نے انہیں ایکشن سے بھرپور کردار کے لیے جسمانی طور پر تیار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

روزانہ سورہ رحمٰن کی تلاوت نے کینسر سے صحتیابی میں اہم کردار ادا کیا، نعمان اعجاز

ڈاکٹروں نے جولائی میں کیموتھراپی شروع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا مگر بعد میں آنے والے اسکین کے نتائج ان کے لیے حیران کن تھے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سینئر اداکار نعمان اعجاز نے انکشاف کیا ہے کہ وہ کینسر جیسے موذی مرض میں مبتلا رہ چکے ہیں اور انہوں نے اپنی صحتیابی کے سفر میں سورۃ الرحمٰن کی روزانہ تلاوت کو انتہائی اہم قرار دیا ہے۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ کے دوران نعمان اعجاز نے بتایا کہ جون 2024 میں ان میں کینسر کی تشخیص ہوئی تھی، ان کے کان کے قریب ٹیومر جبکہ معدے میں لیمفوما موجود تھا۔ بیماری کا علم ہونے پر انہوں نے اللہ تعالیٰ سے رحم کی دعا کی۔ انہیں اسپتال کے چکر، کیموتھراپی اور علاج کی مشکلات سے زیادہ اس بات کی فکر تھی کہ ان کے اہل خانہ کو ان کی بیماری کی وجہ سے تکلیف سے گزرنا پڑے گا۔ نعمان اعجاز نے بتایا کہ اس دوران انہیں یہ خوف بھی رہتا تھا کہ شاید وہ اگلی صبح نہ اٹھ سکیں، اسی لیے وہ رات کو سونے سے قبل مختلف آیات اور دعاؤں کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ ان کے دوست گوہر بٹ نے انہیں سورۃ الرحمٰن پڑھنے کا مشورہ دیا، جس کے بعد انہوں نے روزانہ اس کی تلاوت شروع کر دی۔ سورۃ الرحمٰن نے ان کی صحتیابی میں بہت اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کان کے قریب موجود ٹیومر کو آپریشن کے ذریعے نکال دیا گیا جبکہ معدے میں موجود لیمفوما بعد کے اسکینز میں نظر نہیں آیا۔ ڈاکٹروں نے جولائی میں کیموتھراپی شروع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا مگر بعد میں آنے والے اسکین کے نتائج ان کے لیے حیران کن تھے۔ نعمان اعجاز نے اپنی صحتیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ ان پر بہت مہربان رہا ہے۔

21 سالہ بھارتی ماڈل کا گھر میں بیدردی سے قتل

مسکان کو شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تاہم ڈاکٹروں نے مردہ قرار دے دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں 21 سالہ طالبہ اور ماڈل مسکان کو گھر میں چاقو کے وار کرکے بیدردی سے قتل کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق قتل کا واقعہ شام مغربی دہلی کے علاقے تلک نگر میں پیش آیا جہاں مسکان اپنے گھر میں اکیلی تھی۔ پولیس کا مزید کہنا ہے کہ اس کے جسم کے مختلف حصوں، خصوصاً پیٹ پر متعدد وار کیے گئے تھے۔ مسکان کو شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تاہم ڈاکٹروں نے مردہ قرار دے دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ماڈل مسکان دوسری منزل پر واقع گھر میں موجود تھی جہاں گھریلو ملازمہ نے اسے زخمی حالت میں دیکھا اور اہل خانہ کو اطلاع دی جس کے بعد پولیس کو بلایا گیا۔ پولیس کی تحقیقات کے مطابق مسکان اور عمران ایک دوسرے کو تقریباً ڈیڑھ سال سے جانتے تھے۔ عمران اس جم میں ٹرینر رہ چکا ہے جہاں مسکان جایا کرتی تھی۔ تفتیش کے دوران پتا چلا کہ عمران جم سے ملازمت چھوڑ گئے اور مسکان کے قتل کے فوری بعد فرار ہو گیا۔ پولیس نے گرفتاری کے لیے متعدد ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔ پولیس کے بقول ابتدائی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ عمران گزشتہ تقریباً دو ماہ سے مسکان سے ناراض تھا اور مبینہ طور پر اس کے کسی دوسرے شخص سے بات کرنے پر اسے اعتراض تھا۔ پولیس کا شبہ ہے کہ مسکان کے گھر پہنچنے کے بعد دونوں کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، جس کے بعد اس نے مبینہ طور پر چاقو سے حملہ کر دیا۔ تاہم قتل کی حتمی وجہ تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی واضح ہو گی۔

83 سال کی عمر میں امیتابھ بچن نے چاول اور کھیر کھانا چھوڑ دیا

اداکار کا ذاتی فیصلہ، ماہرین نے بزرگ افراد کو چاول مکمل طور پر ترک نہ کرنے کا مشورہ دیدیا

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کے لیجنڈ اداکار امیتابھ بچن نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے 83 سال کی عمر میں اپنی پسندیدہ غذاؤں چاول اور کھیر کھانا چھوڑ دیا ہے۔ تاہم بھارتی ماہرین صحت نے واضح کیا ہے کہ عمر بڑھنے کے ساتھ ہر شخص کے لیے چاول ترک کرنا ضروری نہیں، بلکہ متوازن اور متنوع غذا کا استعمال زیادہ اہم ہے۔ ایک حالیہ پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے امیتابھ بچن نے بتایا کہ انہوں نے چاول اور کھیر کھانا چھوڑ دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی اہلیہ جیا بچن نے ان کے لیے آم کی کھیر تیار کی تھی، تاہم اپنے فیصلے کے باعث وہ یہ میٹھی ڈش بھی نہیں کھا سکے۔ امیتابھ بچن کے بیان پر بھارتی ماہرین صحت نے کہا کہ چاول ترک کرنا اداکار کا ذاتی غذائی انتخاب ہے اور اسے تمام بزرگ افراد کے لیے عمومی طبی ہدایت قرار نہیں دیا جاسکتا۔ ماہرین کے مطابق سفید چاول صاف شدہ نشاستہ ہے جو نسبتاً تیزی سے ہضم ہوتا ہے۔ سفید چاول بڑی مقدار میں، خصوصاً فائبر، سبزیوں اور پروٹین کے بغیر کھانے سے خون میں شکر کی سطح تیزی سے بڑھ سکتی ہے۔ تحقیق میں سفید چاول کے زیادہ استعمال اور ٹائپ 2 ذیابیطس کے خطرے کے درمیان تعلق بھی سامنے آیا ہے، تاہم اس کا مطلب یہ نہیں کہ چاول براہ راست ذیابیطس کا سبب بنتے ہیں۔ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ عمر بڑھنے کے ساتھ انسولین کے اثرات میں کمی، جسمانی سرگرمی میں تبدیلی اور پٹھوں کی کمزوری جیسے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں، اس لیے چاول مکمل طور پر ترک کرنے کے بجائے اس بات پر توجہ دینا زیادہ ضروری ہے کہ خوراک مجموعی طور پر کتنی متوازن ہے اور چاول کی جگہ کون سی غذا استعمال کی جا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر چاول سے حاصل ہونے والی توانائی مناسب متبادل غذا سے پوری نہ کی جائے تو غذائی کمی اور پٹھوں کے حجم و طاقت میں کمی کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ ذیابیطس، پیٹ کے گرد زائد چربی یا کھانے کے بعد خون میں شکر کی سطح بڑھنے والے افراد سفید چاول کی مقدار کم کر سکتے ہیں، تاہم تمام نشاستہ دار غذائیں مکمل طور پر ترک کرنا ضروری نہیں۔ سفید چاول کے بجائے براؤن رائس، جو، باجرہ، دلیہ، دالیں اور دیگر مکمل اناج بہتر متبادل ہو سکتے ہیں۔

ایشین گیمز 2026، شرکا کی تعداد 17 ہزار تک پہنچ گئی، جاپانی منتظمین کو رہائش کے بحران کا سامنا

ایشین گیمز میں مجموعی طور پر 11 ہزار کھلاڑی اور 6 ہزار حکام کی شرکت متوقع ہے

ٹوکیو (این این آئی) ایشین گیمز 2026 میں شرکا کی تعداد مقررہ حد سے بڑھنے کے باعث جاپانی منتظمین کو رہائش کے انتظام میں مشکلات کا سامنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایشین گیمز میں شرکا کی تعداد 15 ہزار سے بڑھ کر 17 ہزار ہوگئی ہے جس کے باعث اضافی شرکا کے لیے رہائش کا بندوبست مشکل ہوگیا ہے۔ جاپانی گیمز حکام کے مطابق اضافی شرکا کے لیے نہ بجٹ موجود ہے اور نہ ہی رہائش کی گنجائش، اس لیے اضافی شرکا کو اپنی رہائش کا انتظام خود کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تقریباً 4 سے 5 ہزار کھلاڑی کروز شپ میں قیام کریں گے، جبکہ 2 ہزار کھلاڑیوں اور حکام کے لیے عارضی رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ ایشین گیمز میں کھلاڑیوں کیلئے باقاعدہ ایتھلیٹس ولیج قائم نہیں کیا گیا، تاہم کھلاڑیوں اور حکام کے لیے کنٹینر طرز کی عارضی رہائش تیار کی گئی ہے، دیگر شرکا کو مختلف ہوٹلوں میں ٹھہرایا جائے گا، جبکہ کچھ شرکا کی رہائش ٹوکیو میں بھی ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اولمپک کونسل آف ایشیا سے شرکا کی تعداد کم کرنے کی درخواست بھی کی گئی ہے، ایشین گیمز میں مجموعی طور پر 11 ہزار کھلاڑی اور 6 ہزار حکام کی شرکت متوقع ہے۔ منتظمین نے 15 ہزار افراد کی میزبانی کے لیے بجٹ مختص کیا تھا، تاہم شرکا کی تعداد 17 ہزار تک پہنچنے کے بعد اضافی افراد کو رہائش فراہم کرنا وقت اور گنجائش دونوں لحاظ سے مشکل ہوگیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مارچ میں ایشین گیمز کے پروگرام میں ٹیک بال اور پیڈل کو بھی شامل کیا گیا تھا، جس کے بعد شرکا کی تعداد میں اضافہ ہوا۔

صائم ایوب کی دھواں دھار سنچری، جمیکا کنگز مین نے شاندار فتح حاصل کرلی

جمیکا کنگز مین کی جانب سے تھنین شاہ اور جیدیہ بلیڈز نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں

باسیٹیر (این این آئی) کیریبین پریمیئر لیگ 2026 کے 18 ویں میچ میں پاکستان کے نوجوان بیٹر صائم ایوب کی شاندار سنچری کی بدولت جمیکا کنگز مین نے سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کو 11 رنز سے شکست دے دی۔ وارنر پارک میں کھیلے گئے میچ میں سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس نے ٹاس جیت کر جمیکا کنگز مین کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی، جمیکا کنگز مین نے صائم ایوب کی جارحانہ اننگز کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے۔ صائم ایوب نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 58 گیندوں پر 102 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور 8 چھکے شامل تھے۔ صائم ایوب نے اننگز کے آغاز سے ہی جارحانہ انداز اپنایا اور وکٹ کے چاروں جانب شاندار اسٹروکس کھیلے۔ صائم ایوب کے علاوہ کیمو پال نے 13 گیندوں پر 25 رنز بنا کر آخری اوورز میں ٹیم کے اسکور میں اہم اضافہ کیا، جس کی بدولت جمیکا کنگز مین 182 رنز تک پہنچنے میں کامیاب رہی۔ سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کی جانب سے وینندو ہسرنگا نے 18 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں جبکہ پاکستان کے فاسٹ بولر نسیم شاہ نے بھی 4 اوورز میں 35 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 183 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پیٹریاٹس کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 171 رنز بنا سکی اور یوں اسے 11 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کی جانب سے آندرے فلیچر نے 38 گیندوں پر 55 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی جبکہ داسن شناکا نے صرف 18 گیندوں پر 35 رنز بنا کر میچ میں سنسنی پیدا کردی۔ جمیکا کنگز مین کی جانب سے تھنین شاہ اور جیدیہ بلیڈز نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں جبکہ صائم ایوب اور کیمو پال نے ایک، ایک کھلاڑی کو پویلین بھیجا۔ شاندار سنچری بنانے والے صائم ایوب کو ان کی آل راؤنڈ کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ایتھلیٹکس کو نمبر ون اولمپک کھیل برقرار رہنا چاہیے، سیباسٹین کو

یہ مقابلے 11 سے 13 ستمبر تک ہنگری کے دارالحکومت بڈاپسٹ میں ہوں گے

زیورخ (این این آئی) ورلڈ ایتھلیٹکس کے صدر سیباسٹین کو نے کہا ہے کہ ایتھلیٹکس کو نمبر ون کھیل برقرار رکھنے کے لیے مسلسل ترقی اور جدت کا سفر جاری رکھنا ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سیباسٹین کو نے کہا کہ فٹ بال اور ایتھلیٹکس دنیا کے 2 حقیقی عالمی کھیل ہیں اور ایتھلیٹکس کو اپنی برتری برقرار رکھنی چاہیے۔ زیورخ میں ڈائمنڈ لیگ مقابلے سے قبل گفتگو کرتے ہوئے سیباسٹین کو نے کہا کہ وہ ایتھلیٹکس کے مستقبل کے حوالے سے پہلے سے زیادہ پرامید ہیں۔ ان کے مطابق جب وہ عہدہ سنبھال کر آئے تھے اس کے مقابلے میں اب کھیل زیادہ مضبوط ہے اور ان کے جانشین کو ایک مستحکم کھیل وراثت میں ملے گا۔ سیباسٹین کو 2027 میں ورلڈ ایتھلیٹکس کی صدارت سے سبکدوش ہو جائیں گے۔ وہ 19 اگست 2015 کو بیجنگ میں عالمی ایتھلیٹکس تنظیم کے صدر منتخب ہوئے تھے، جبکہ ان کے جانشین کا انتخاب 2027 میں بیجنگ میں ہونے والی انتخابی کانگریس میں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال ان کی توجہ کھیل کو مزید مضبوط بنانے، آمدنی میں اضافے، مقابلوں کے قواعد میں بہتری اور بین الاقوامی کیلنڈر میں ضروری تبدیلیوں پر مرکوز ہوگی۔ سیباسٹین کو نے رواں سال ہونے والی پہلی الٹی میٹ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کو بھی ایتھلیٹکس کے لیے ایک نئی اور منفرد کوشش قرار دیا۔ یہ مقابلے 11 سے 13 ستمبر تک ہنگری کے دارالحکومت بڈاپسٹ میں ہوں گے۔ 3 روزہ مقابلوں میں 16 شعبوں کے 26 انفرادی مقابلے اور 2 ریلے شامل ہوں گے، جبکہ مجموعی انعامی رقم 1 کروڑ امریکی ڈالر رکھی گئی ہے۔ ہر مقابلے کے فاتح کو 150،000 امریکی ڈالر ملیں گے۔ چین میں 2027 کی عالمی ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے حوالے سے سیباسٹین کو نے چینی ایتھلیٹکس فیڈریشن اور منتظمین پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چین کے پاس مضبوط انتظامی ڈھانچہ، بہترین کوچز، مناسب مالی وسائل اور سیاسی تعاون موجود ہے۔

باب وولمر نے پیشگوئی کی تھی محمد آصف مستقبل میں ایک عظیم بالر بنیں گے، رمیز راجہ

پاکستانی بولرز میں باقاعدہ لینتھ پر بالنگ کا تصور کم ہی تھا، مخالف کو سنبھلنے کا کوئی موقع نہیں دیا جاتا تھا

لارڈز (این این آئی) لارڈز میں پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان دوسرے ٹیسٹ کے پہلے روز کے دوران کمنٹری میں سابق کپتان رمیز راجہ نے دلچسپ انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ سابق کوچ باب وولمر نے محمد آصف کے بارے میں بڑی پیشگوئی کی تھی۔ رمیز راجہ کے مطابق جب انہوں نے پہلی بار محمد آصف کو دیکھا تو وہ باب وولمر کے ہمراہ تھے، اس وقت آصف نے پاکستان کے لیے ایک بھی میچ نہیں کھیلا تھا۔ باب وولمر نے میرا ان سے تعارف کروایا اور کہا کہ محمد آصف مستقبل میں ایک عظیم بالر بنیں گے۔ رمیز راجہ نے کہا کہ میرا پہلا سوال باب وولمر سے یہی تھا کہ اس کی رفتار کتنی ہے؟ جس پر وولمر نے بتایا کہ اس وقت آصف کی رفتار تقریباً 130 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے، مجھے حیرت ہوئی کیونکہ پاکستان ہمیشہ تیز رفتار بالرز کے لیے جانا جاتا رہا ہے، میں نے کہا کہ پھر یہ فاسٹ بالر کیسے ہو سکتا ہے؟ رمیز راجہ نے کہا کہ بعد میں محمد آصف اپنی لائن اور لینتھ کی بدولت ایک بہترین بالر بن گیا لیکن ہم تو 90 میل فی گھنٹہ کی رفتار دیکھنے کے عادی تھے، اس لیے اس طرح کی بالنگ دیکھ کر عجیب سا لگتا تھا۔ رمیز راجہ نے کہا کہ میں ان ٹیموں کا حصہ رہا ہوں جہاں ہم صرف رفتار کے بل بوتے پر مخالف ٹیموں کو تہس نہس کر دیتے تھے۔ 95 میل فی گھنٹہ کی رفتار، ریورس سوئنگ، یارکرز اور باؤنسرز کرانا ہماری بالنگ کی بنیادی لمبائیاں یہی ہوتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی بولرز میں باقاعدہ لینتھ پر بالنگ کا تصور کم ہی تھا، مخالف کو سنبھلنے کا کوئی موقع نہیں دیا جاتا تھا، ہم ہر وقت جارحانہ انداز میں کھیلتے تھے۔

فاسٹ بولنگ کے شعبے میں پیدا ہونے والا خلا 100 فیصد ختم کیا جاسکتا ہے، فاسٹ بالر احمد دانیال

8 سے 9 ایسے نوجوان فاسٹ بولرز موجود ہیں جو تسلسل کیساتھ 140 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد رفتار سے بولنگ کر سکتے ہیں، دانیال

لاہور (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر احمد دانیال نے کہا ہے کہ ملک میں اس وقت 8 سے 9 ایسے نوجوان فاسٹ بولرز موجود ہیں جو تسلسل کے ساتھ 140 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد رفتار سے بولنگ کر سکتے ہیں، فاسٹ بولنگ کے شعبے میں پیدا ہونے والا خلا 100 فیصد ختم کیا جاسکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ لاہور میں جاری ہائی پرفارمنس کرکٹ اکیڈمی کے بولرز ڈویلپمنٹ پروگرام میں سخت موسم کے باوجود ٹریننگ جاری ہے، موسم بہت گرم اور حبس زدہ ہے، اس لیے بہت خیال رکھ کر ٹریننگ کرنا پڑ رہی ہے، اس سخت موسم میں تربیت کا فائدہ یہ ہوگا کہ آنے والے سیزن کے لیے مکمل طور پر فٹ ہوں گے۔ احمد دانیال نے بتایا کہ میں نے حال ہی میں نیشنل چیمپئنز کپ ون ڈے ٹورنامنٹ کھیلا اور اس کے لیے تیاری کی تھی، انجریز کی وجہ سے کافی مشکلات رہیں، ڈاکٹر جاوید مغل کے ساتھ بہت کام کیا جس کے بعد اب صحت میں بہت بہتری آئی ہے۔ فاسٹ بولر نے کہا کہ میں نے 149.6 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے بولنگ کا آغاز کیا تھا اور اس وقت میرا رن اپ بہت مختصر تھا، میری اوسط رفتار 145 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے، پہلے لائن اور لینتھ کا مسئلہ تھا جس پر اب بہت کام کیا ہے۔ احمد دانیال نے کہا کہ پاکستان میں رفتار والے فاسٹ بولرز کا مسئلہ 100 فیصد حل ہونے والا ہے، 8 سے 9 نوجوان فاسٹ بولرز ایسے ہیں جو 140 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد رفتار سے بولنگ کر سکتے ہیں، مجھے یقین ہے کہ فاسٹ بولنگ کے شعبے میں پیدا ہونے والا خلا جلد ختم ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ 29 سالہ احمد دانیال پاکستان کی جانب سے 2 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیل چکے ہیں۔ انہوں نے گزشتہ برس ڈیبیو کیا تھا تاہم اس کے بعد فٹنس مسائل کا شکار رہے، اب مکمل فٹ ہو کر ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں۔

ہاکی ورلڈ کپ 2026 کے کوالیفکیشن راؤنڈ میں پاکستان نے ساؤتھ افریقہ کے خلاف پینلٹی شوٹ آؤٹ پر 3-4 سے کامیابی حاصل کرلی

مقررہ وقت تک مقابلہ 4-4 گول سے برابر رہا تھا، پاکستانی گول کیپر وقار نے بہترین کھیل پیش کیا، صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن محی الدین وانی کی ٹیم کو مبارکباد

ایمسٹیلوین (این این آئی) ایف آئی ایچ مینز ہاکی ورلڈ کپ 2026 کے کوالیفکیشن راؤنڈ میں پاکستان نے ساؤتھ افریقہ کے خلاف شاندار کم بیک کرتے ہوئے پینلٹی شوٹ آؤٹ پر 3-4 سے کامیابی حاصل کرلی، مقررہ وقت تک مقابلہ 4-4 گول سے برابر رہا تھا، پاکستانی گول کیپر وقار نے بہترین کھیل پیش کیا۔ میچ کے آغاز میں ساؤتھ افریقہ نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور ڈیل اور اینڈریو نے 8 ویں منٹ اور کاسیم والیان نے 18 ویں منٹ میں گول اسکور کرکے اپنی ٹیم کو 0-2 کی برتری دلائی تاہم پاکستان نے زبردست واپسی کرتے ہوئے پے در پے گول داغے۔ پاکستان کی جانب سے افراز نے 21 ویں منٹ میں پہلا گول کیا جس کے بعد اگلے ہی منٹ (22 ویں منٹ) میں محمد عماد نے فیلڈ گول کر کے اسکور 2-2 سے برابر کردیا۔ میچ کے 32 ویں منٹ میں رانا وحید اشرف نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے گول اسکور کر کے پاکستان کو 2-3 کی برتری دلا دی۔ ساؤتھ افریقہ کی طرف سے کاسیم مصطفیٰ نے 40 ویں اور 55 ویں منٹ میں دو متواتر گول کر کے مقابلہ 4-3 کر دیا اور اپنی ٹیم کو دوبارہ پیش قدمی دلائی۔ میچ کے آخری لمحات میں پاکستان کے محمد عماد الدین نے بہترین انداز میں بال کو جال کی راہ دکھا کر 60 ویں منٹ میں ڈرامائی انداز میں اسکور 4-4 سے برابر کردیا۔ مقررہ وقت ختم ہونے پر میچ کا فیصلہ پینلٹی شوٹ آؤٹ پر ہوا، جہاں پاکستانی کھلاڑیوں نے بہترین اعصاب کا مظاہرہ کرتے ہوئے شوٹ آؤٹ میں ساؤتھ افریقہ کو 4-3 سے ہرا کر فتح اپنے نام کی۔ پاکستانی گول کیپر وقار نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے دو یقینی شوٹ آؤٹ روکے جس کے بعد پاکستان نے 4-3 سے میچ جیت لیا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے ٹیم کی بہترین پرفارمنس پر ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔

بقیہ صباح 1

پارٹی آڈٹ یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا، وزیراعظم کو اجلاس میں بی آر اے ایل کی تنظیم نو پر بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ٹیکس نظام میں اصلاحاتی اقدامات کے نفاذ کو معینہ مدت میں مکمل کیا جائے، اصلاحات کا تھرڈ پارٹی آڈٹ یقینی بنایا جائے، ملکی ترقی کے لیے ٹیکس نظام میں اصلاحات کا نفاذ کر رہے ہیں، آٹومیشن، پیداوار کی نگرانی اور خودکار نظام ایف بی آر اصلاحات کے اہم ستون ہیں۔ وزیراعظم نے ٹیکس چوری، اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار کے خلاف موثر کارروائی مزید تیز کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ ایف بی آر میں اچھی شہرت کے گڈز اپریزرز کی تعیناتی کا عمل خوش آئند امر ہے، چیئرمین ایف بی آر اور ان کی ٹیم کی اس حوالے سے کوششیں لائق تحسین ہیں۔ اجلاس میں ایف بی آر میں جاری اصلاحات، بالخصوص بی آر اے ایل کی تنظیم نو، ٹیکس نظام کی آٹومیشن اور اسمگلنگ کے تدارک کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ٹیکس نظام کو جدید، مربوط اور ڈیٹا پر مبنی بنانے کے لیے IRIS 3.0، نئے ٹیکس آپریٹنگ ماڈل اور سینٹرل ڈیٹا ہب پر مرحلہ وار کام جاری ہے، IRIS 3.0 کے ڈیزائن کے لیے بین الاقوامی کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پرال میں ٹیکنالوجی، ڈیٹا سیکیورٹی، آپریشنز اور ٹیکس ڈومین سمیت مختلف شعبوں میں نئی سینئر قیادت کی تعیناتیاں کی گئی ہیں، IRIS 3.0 کے تحت ٹیکس نظام کو مزید موثر بنانے، آٹو ٹیکس کے تصور کو پائلٹ کرنے اور مستقبل میں مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ کو ٹیکس وصولی بہتر بنانے کے لیے استعمال کرنے کے منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے۔ کسٹمز کے شعبے میں فیس لیس اسیسمنٹ کے مثبت اثرات سے متعلق اجلاس کو بتایا گیا کہ جنوری تا جون 2026 کے دوران نئی گڈز ڈیکلریشن اوسط ریونیو میں 12 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فیس لیس اسیسمنٹ کے نتیجے میں نئی گڈز ڈیکلریشن کے محاصل میں بہتری کے ساتھ ساتھ درآمدی بے ضابطگیوں کی نشاندہی اور نگرانی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ کسٹمز اسیسمنٹ کے نظام کو مزید مربوط بنانے کے لیے 280 گڈز اپریزرز کی بھرتی کا عمل حتمی مراحل میں ہے۔ اسلام آباد میں سینٹرل اسیسمنٹ یونٹ کے قیام پر بھی پیش رفت جاری ہے، عبوری انتظام کے تحت یونٹ 31 جنوری 2026 تک فعال کرنے جبکہ مکمل مربوط سہولت کو جون 2027 تک نئے کمپلیکس میں فعال کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جولائی 2025 میں ڈیجیٹل انوائسنگ کے ذریعے 236 بلین روپے کی ٹرانزیکشنز ہوئیں جبکہ جولائی 2026 میں ان کا حجم 2.5 ٹریلین روپے کی سطح کو عبور کر گیا، اور دسمبر 2026 تک ڈیجیٹل انوائسنگ کے ذریعے 4 ٹریلین روپے کی ٹرانزیکشنز کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اسمگلنگ کے تدارک کے حوالے سے اجلاس کو بتایا گیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی غیر قانونی نقل وحرکت کی روک تھام کے لیے تمام قانونی پٹرول پمپس کی GIS ٹیگنگ، GPS کے ذریعے پٹرولیم مصنوعات کی ٹریکنگ، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے ERP نظام کو ٹریکر سے منسلک کرنے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے مرکزی ٹریکنگ ایپ سمیت متعدد اقدامات مکمل کیے جا چکے ہیں۔ راہ۔ تحفظ ایپ کے ذریعے اڑھائی ہزار غیر قانونی پیٹرول پمپس کو بند کرا کے انکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کی ڈیجیٹل نگرانی اور دیگر اقدامات پر بھی کام جاری ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ایف بی آر اصلاحات کے تمام اقدامات مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں اور اصلاحاتی عمل کی شفافیت، حزیمت اور پائیداری کے لیے تھرڈ پارٹی آڈٹ یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے ٹیکس نظام کو جدید اور موثر بنانے، ریونیو وصولی میں اضافہ اور اسمگلنگ کے مکمل تدارک کے لیے اصلاحات پر عملدرآمد مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، رکن قومی اسمبلی عثمان اویسی، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، چیئرمین ایف بی آر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ صباح 2

برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں نومولود بچوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صرف چند معصوم جانوں کا ضیاع نہیں بلکہ ان والدین کے خوابوں، امیدوں اور خوشیوں کا اجڑ جانا ہے جن کے لیے ان کے ننھے فرشتے زندگی کی سب سے بڑی خوشی تھے۔ انہوں نے کہا کہ نومولود بچے والدین کی امید، گھر کی خوشی اور مستقبل کا روشن چراغ ہوتے ہیں، ان معصوم جانوں کا یوں چلے جانا ایک ایسا سانحہ ہے جس کا دکھ الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پمز ہسپتال کا واقعہ اس امر کی فوری نشاندہی کرتا ہے کہ ملک بھر کے تمام ہسپتالوں میں فائر سیفٹی اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے انتظامات کا ازسرنو جائزہ لینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہسپتالوں میں آگ لگنے، شارٹ سرکٹ، گیس یا آکسیجن لیکج، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فول پروف نظام موجود ہونا چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ زندگی بچانے والے اداروں میں حفاظتی نظام کمزور ہو تو یہ خود ایک بڑا خطرہ بن جاتا ہے۔ حکومت اور ضلعی انتظامیہ کو ملک بھر کے سرکاری و نجی ہسپتالوں کا باقاعدہ سیفٹی آڈٹ کرانا چاہیے اور جہاں حفاظتی انتظامات میں کمی یا غفلت پائی جائے وہاں فوری طور پر اصلاحی اقدامات کیے جائیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ تمام ہسپتالوں، رہائشی عمارتوں، سرکاری و نجی دفاتر اور دیگر حساس مقامات پر واضح اور قابل عمل حفاظتی اقدامات نافذ کیے جائیں۔ فائر الارم، ایمرجنسی ایگزٹ، فائر فائٹنگ آلات، بجلی کے نظام، آکسیجن سپلائی اور دیگر اہم حفاظتی انتظامات کی باقاعدہ جانچ پڑتال کو لازمی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایس او پیز صرف کاغذات میں نہیں بلکہ عملاً نظر آنے چاہئیں۔

بقیہ صباح 3

بورڈ کے مطابق ہلاکتیں 538 سے زیادہ ہوگئیں جبکہ 1300 سے زائد سیاح لاپتا ہیں جن میں 100 سے زائد بھارتی شہری اور 12 برطانوی شہری بھی شامل ہیں۔ تبت سے سامنے آنے والی سی سی ٹی وی فوٹیج میں پانی اور کیچڑ کا ایک بڑا ریلا سرحدی گزرگاہ کی عمارتوں سے ٹکراتا دکھائی دیتا ہے۔ نیپال سے آنے والی تصاویر میں بھی سیلابی ریلے کے اچانک آنے پر لوگوں کو جان بچانے کے لیے محفوظ مقامات کی جانب بھاگتے دیکھا جاسکتا ہے۔ نیپال کے وزیرخارجہ نے خدشہ ظاہر کیا کہ اس تباہ کن سیلاب کے پیچھے ممکنہ طور پر گلیشیئر پھٹنے اور اس کے نتیجے میں برفانی تودہ گرنے کا واقعہ ہوسکتا ہے، تاہم حادثے کی حتمی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ دوسری جانب تبت میں صورتحال کی سنگینی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ چینی صدر شی جن پنگ نے واقعے پر ذاتی طور پر ہدایات جاری کی ہیں۔ چینی حکام نے امدادی کارروائیوں کو تیز کرنے اور متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے پر زور دیا ہے۔ نیپال میں قدرتی آفت کو 2015 کے تباہ کن زلزلے کے بعد ملک کی سب سے بڑی تباہی قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ صباح 4

پائیدار امن واستحکام کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پشتونخوا سمیت پشتون علاقوں میں دہشت گردی، بدامنی، اغوا برائے تاوان، چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم نے عوام کی زندگی، جان و مال اور کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ بین الصوبائی اور بین الاقوامی آمدورفت کی شاہراہیں غیر محفوظ بنا دی گئی ہیں، جبکہ ڈیورنڈ لائن پر قانونی تجارت اور آمدورفت میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جارہی ہیں۔ ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کو تحفظ، آزادانہ آمدورفت اور معاشی سرگرمیوں کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے، جس میں موجودہ صورتحال ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل سے متعلق پالیسیوں اور مائنز اینڈ منرلز قوانین میں ایسی تبدیلیاں کی گئی ہیں جن کے نتیجے میں معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کی وسیع اراضی کی الاٹمنٹ مقامی اقوام و قبائل کے آئینی و قانونی حقوق اور بطور حقیقی اسٹیک ہولڈر ان کی رضامندی کو نظرانداز کرتے ہوئے کی جارہی ہے۔ اسی طرح محکمہ جنگلات کے ریزرو علاقوں میں لاکھوں ایکڑ اراضی کے انتقالات بھی مقامی اقوام وقبائل کی رضامندی کے برخلاف کیے گئے ہیں۔

ان تمام اقدامات کا فوری جائزہ لے کر غیر قانونی انتقالات منسوخ اور مقامی آبادی کے آئینی، قانونی اور اجتماعی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ کول مائنز کے علاقوں میں گزشتہ کئی برس سے جاری سینہ جبری بھتہ خوری، مائن اونرز اور مزدوروں کو درپیش خطرات، بھتہ خوری کے خلاف مزاحمت پر قتل، ٹرانسپورٹ کے ذرائع کو جلانے اور متاثرین کو موثر ریاستی تحفظ فراہم نہ کرنے کا سلسلہ فوری طور پر ختم کیا جائے۔ زیارت، منگلہ اور ہنہ اوڑک سمیت مختلف واقعات میں انسانی جانوں کے ضیاع کے محرکات اور ذمہ دار عناصر کا تعین کرنے کے لیے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ داروں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں فارم 47 کے ذریعے قائم غیر نمائندہ پارلیمانی بندوبست کے نتیجے میں عوامی مینڈیٹ اور جمہوری نمائندگی کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اس کے بعد کی جانے والی آئینی ترامیم نے صوبائی خودمختاری، عدلیہ کی آزادی، میڈیا کی آزادی اور پارلیمنٹ کے موثر آئینی کردار کو کمزور کیا ہے۔ جمہوری ریاست میں اقتدار کا سرچشمہ عوام ہیں اور پارلیمنٹ کو عوامی مینڈیٹ کا حقیقی اور بااختیار نمائندہ ہونا چاہیے۔

بقیہ صباح 5

پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے ملاقات کی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں علاقائی و عالمی صورت حال اور پاکستان کے سیکیورٹی منظرنامے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں امن و استحکام اور خوش حالی کے فروغ کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے پاکستان کے دورے کے تجربات کو شاندار قرار دیا ہے۔

بقیہ صباح 6

صدارت میں شروع ہوا۔ شازیہ مری نے نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 26 اگست کو پمز ہسپتال میں دلخراش سانحہ پیش آیا، اسمبلی کا بزنس رول 288 کے تحت معطل کیا جائے اور تمام ارکان کو اس اہم سانحے پر بحث کا موقع دیا جائے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ تمام ممبران چیمبر میں آئے تھے، جمعہ کے دن صرف اس سانحے پر بحث ہوگی۔ سانحہ پمز پر قومی اسمبلی کا ایجنڈا معطل کر دیا گیا، ایوان کی کارروائی معطل کرنے کی تحریک وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے پیش کی۔ سانحہ پمز میں بچوں کے والدین کے لیے دعا بھی کی گئی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ یہ بہت بڑا حادثہ ہے، حادثہ چیز ہی ایسی ہے جو اچانک رونما ہوتا ہے، حادثے کی وجوہات تک پہنچنے کے لیے وزیراعظم نے اسی دن دو کمیٹیاں تشکیل دیں، ایک کمیٹی سابق سیکرٹری داخلہ شاہد خان کی سربراہی میں بنائی گئی ہے، جو اپنی ابتدائی رپورٹ دے گی جبکہ دوسری کمیٹی ڈاکٹر اظہر کیانی کی سربراہی میں تشکیل دی گئی ہے جو 7 روز میں اپنی رپورٹ دے گی۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اس میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ یہ اندوہناک واقعہ تھا، ہم سب پاکستانی ہیں، ہم سب بچوں کے والدین ہیں، سیاسی بیانیے کی بجائے تجاویز دیں تاکہ ایسے حادثات سے بچا جاسکے۔ پیپلزپارٹی کے رکن قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ سانحہ پمز پر پوری قوم افسردہ ہے، مسئلے کے حل کی طرف جانا چاہیے، افسوس ایک واقعہ ہوتا ہے اسے ہضم کر لیتے ہیں اور اگلا واقعہ ہو جاتا ہے، قوم کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے کمیشن یا کمیٹی بناتے ہیں، دو روز اسمبلی میں تقاریر ہوتی ہیں، میڈیا میں چار روز شور شرابہ پھر خاموشی ہوجاتی ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ نوزائیدہ بچے کی ذمہ داری بہت بڑی ہے، نرسری میں آگ کی گرمائش تک پہنچی، یہ بھی نہیں پتہ چل سکا کہ آگ کیسے لگی، کیا اس وقت بچوں کے پاس کوئی اہلکار تھا، دروازے کو تالے لگے ہوئے تھے، کہا گیا بچے چوری ہونے سے بچانے کے لیے تالے لگائے گئے۔ کیا بچوں کو چوری ہونے سے بچانے کے لیے چودہ بچوں کو موت کے حوالے کر دیا گیا؟ راجہ پرویز اشرف نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم کی کمیٹیاں اپنی جگہ مگر پارلیمانی کمیٹی اسپیکر کی سربراہی میں بنائی جائے، پارلیمانی کمیٹی حقائق تلاش کرے۔ انہوں نے ایوان میں ارکان کی ایک دوسرے سے خوش گپیوں پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری اس غیر سنجیدگی سے لوگ ہمیں باتیں کرتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے ایئرکنڈیشن سے آگ لگی، کہا جاتا ہے ایئرکنڈیشن تو بند تھا بلکہ خراب تھا۔ ڈاکٹر امجد نے قومی اسمبلی میں اظہارخیال کرتے ہوئے کہا کہ آج سے ڈیڑھ سال پہلے ایک کمیٹی بنی، جب وزارت کو بلایا اور سوالات پوچھے تو خدشات سے کہیں زیادہ حالات خراب نکلے، اسلام آباد میں 16 بیسک ہیلتھ یونٹس تھے، 16 میں سے 10 بیسک ہیلتھ یونٹس میں سے 4 میں ڈاکٹر ہی موجود نہ تھے۔ ڈاکٹر امجد نے کہا کہ اسلام آباد کے کسی ہسپتال کے پاس ویلڈ لائسنس نہیں تھا، رجسٹریشن کا طریقہ کار ہوتا ہے، انسپکشن کے بعد رجسٹریشن ہوتی ہے

بقیہ صباح 7

سہولیات کو عوامی اعتماد میں اضافے کا باعث بنیں گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں بلوچستان پولیس کے ڈیجیٹل اینیشیٹوز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ و قبائلی امور میر ضیاء اللہ لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان سمیت بلوچستان پولیس کے افسران و جوان اور میڈیا نمائندگان موجود تھے۔ قبل ازیں ایک بریفنگ میں آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو لانچ کی جانے والی 16 ایپس سے متعلق تفصیلی آگاہی دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پولیس کے ڈیجیٹل اینیشیٹوز کو سراہتے ہوئے آئی جی پولیس، ان کی ٹیم اور آئی ٹی ٹیم کو مبارکباد دی اور کہا کہ حکومت کی پہلے دن سے یہ سوچ رہی ہے کہ گورننس کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جایا جائے

بقیہ صباح 8

قیادت کی صلاحیتوں سے مالا مال ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری) آئی سی سی آئی (اور نیشنل یوتھ لیڈرشپ پروگرام (این وائی ایل پی) کے زیراہتمام نیشنل یوتھ لیڈرشپ سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آئی سی سی آئی کی جانب سے جمعہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق انہوں نے کہا کہ یوتھ لیڈرشپ پروگرامز نوجوانوں کی صلاحیت اور مواقع کے درمیان موجود خلا کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں اور (انہیں کل کی) پیشہ ورانہ اور قومی زندگی میں زیادہ ذمہ داریاں سنبھالنے کے لیے تیار کرسکتے ہیں۔ بیرسٹر عقیل ملک نے نجی شعبے، تعلیمی اداروں، سرکاری محکموں اور سول سوسائٹی پر زور دیا کہ وہ نوجوانوں کو ہنر، رہنمائی، عملی تجربے اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی پر سرمایہ کاری محض افراد پر سرمایہ کاری نہیں بلکہ پاکستان کے استحکام، خوشحالی اور عالمی مسابقتی صلاحیت پر سرمایہ کاری ہے۔ آئی سی سی آئی کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا کہ پاکستان کی معیشت، کاروبار اور قومی اداروں کا مستقبل نوجوان نسل سے وابستہ ہے لہٰذا ایسا سازگار ماحول پیدا کرنا ناگزیر ہے جس میں نوجوان آج ہی قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں، بجائے اس کے کہ انہیں صرف مستقبل کے رہنماؤں کے طور پر دیکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی توانائی، تخلیقی صلاحیتوں اور عزم سے بھرپور ہے، جسے درست سمت، تربیت اور مواقع فراہم کرکے ملکی معاشی ترقی کی ایک طاقتور قوت بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ صباح 9

حکام کے مطابق 632 کلومیٹر طویل کوئٹہ تفتان ریلوے سیکشن کو قائم ہوئے اب 100 سال مکمل ہورہے ہیں، یہ روٹ پاکستان کو ریل کے ذریعے ایران سے ملاتا ہے، کوئٹہ سے ایران کیلئے مسافر ٹرین سروس بند ہوئے تقریباً تین سال ہوچکے ہیں تاہم اب پچھلے سات ماہ سے پاکستان سے ایران کیلئے مال گاڑی کی آمدورفت بھی بند ہے حالانکہ چار سال قبل اس سیکشن پر ریلوے نے ایک سال کے دوران مال ٹرین کے ذریعے پانچ کروڑ روپے کمائے تھے۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ ریلوے سیکشن بند ہونے کی وجہ امن وامان کی خراب صورتحال، امریکہ ایران جنگ اور کوئٹہ تفتان ریلوے ٹریک کی ابتر حالت بتائی جاتی ہے، ریلوے حکام نے رواں سال اپریل میں ریلوے ٹریک کو تبدیل کرنے کا اعلان کیا تھا مگر عمل درآمد نہیں ہوسکا ہے۔

بقیہ صباح 10

وفاقی حکومت نے عدالتی حکم پر عملدرآمد نہیں کیا۔

وزیرعلی نے کہا کہ وفاقی حکومت نے عدالتی حکم پر عملدرآمد کے نام پر فراڈ کیا اور عمران خان کو رات کے اندھیرے میں تمام لائٹس بند کرکے جعلی طریقے سے ہسپتال لایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی صحت وفاقی حکومت کی نگرانی میں خراب ہوئی ہے کیونکہ جب عمران خان کو ناحق گرفتار کیا جارہا تھا تو ان کی حالت اور صحت بالکل ٹھیک تھی اور وہ سپرفٹ تھے، تاہم انہیں مسلسل آٹھ، نو ماہ سے قید تنہائی میں رکھا گیا۔ اس دوران ان کی فیملی، ذاتی ڈاکٹرز، وکلا اور دوست ان سے ملاقات نہیں کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں کسی کے ساتھ ایسا رویہ کبھی نہیں دیکھا گیا اور عمران خان کی صحت کے مسائل بھی اسی رویے کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال حکومت کے لیے ایک سنگین تشویش کا باعث ہے۔ صوبائی کابینہ سے خطاب کرتے ہوئے محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبرپختونخوا حکومت عمران خان کی صحت کے حوالے سے انتہائی تشویش کا اظہار کرتی ہے اور عدالتوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ عمران خان کے حوالے سے جاری احکامات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی احکامات کو ردی کی ٹوکری میں پھینکنا عدلیہ اور ججز کی توہین ہے۔ تمام پاکستانی عدالتوں کی طرف قوم دیکھ رہی ہے۔ اگر عدالتیں اپنے احکامات پر عملدرآمد نہیں کرواسکتیں تو پھر عدالتیں کس کام کے لیے ہیں؟ عدالتوں نے انصاف کرنا اور اپنے احکامات پر عملدرآمد یقینی بنانا ہے۔ وزیراعلی نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں خواتین کے لیے ای وی بائیکس اسکیم متعارف کرائی جارہی ہے۔ کالجز اور یونیورسٹیز جانے والی طالبات اور ملازمت پیشہ خواتین کو حکومت خیبرپختونخوا کی جانب سے ای وی بائیکس فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ صباح 11

مثبت نظر سے دیکھتا ہے، مکہ معاہدے میں شمولیت کی دعوت ملی تو غور کریں گے۔ خلیل الرحمان نے کہا کہ مکہ معاہدے میں توسیع عالمی مسلم برادری کے دفاع کے لیے اقدام ہوگا، مکہ معاہدہ مسلم ممالک کا داخلی معاملہ ہے، مکہ معاہدے سے متعلق کسی تشویش کی کوئی گنجائش نہیں۔ خیال رہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ مکہ معاہدے کے بانی ممالک ہیں جس میں دیگر مسلم ممالک کی شمولیت کے لیے بھی دروازے کھلے رکھے گئے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت کسی بھی ایک ملک پر حملہ معاہدے میں شامل تمام ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

بقیہ صباح 12

آبنائے ہرمز سے بحری آمدورفت شدید متاثر ہے اور جنگ کے خاتمے کا کوئی واضح راستہ نظر نہیں آرہا، حالانکہ امریکی صدر ٹرمپ نے ابتدا میں جنگ 4 ہفتوں میں ختم ہونے کی پیش گوئی کی تھی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جنگ کے آغاز سے ہی امریکی عوام میں امریکی صدر ٹرمپ کی مقبولیت کم تھی، جو وقت گزرنے کے ساتھ مزید کم ہوگئی، سروے کے مطابق تنازع شروع ہونے کے بعد ٹرمپ کی مقبولیت 40 فیصد سے کم ہوکر 33 فیصد رہ گئی۔ جنگ کے باعث ایندھن کی قیمتوں میں اضافے نے امریکی عوام پر مہنگائی کا دباؤ بڑھایا، جبکہ ٹرمپ نے 2024 کی انتخابی مہم میں اخراجات کم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ سروے کے مطابق صرف 31 فیصد امریکی شہری جنگ کی حمایت کرتے ہیں۔ نومبر کے وسط مدتی انتخابات سے قبل بڑھتی قیمتوں پر عوامی غصہ ری پبلکن پارٹی کے لیے مشکلات پیدا کرسکتا ہے۔ ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت متاثر ہوئی، آبنائے ہرمز ایران اور عمان کے درمیان تقریباً 34 کلومیٹر چوڑی گزرگاہ ہے جہاں سے دنیا کے تقریباً پانچویں حصے کی توانائی کی ترسیل ہوتی ہے۔ جنگ کے باعث تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا اور عالمی کساد بازاری کے خدشات بڑھے۔ آئی ایم ایف نے عالمی معاشی ترقی کی پیش گوئی دو مرتبہ کم کی اور اب رواں سال عالمی معیشت کی شرح نمو 3 فیصد رہنے کی توقع ہے۔ البتہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں سرمایہ کاری سمیت مضبوط اخراجات اور سرمایہ کاری نے عالمی معیشت کو بڑے نقصان سے بچانے میں مدد دی۔

بقیہ صباح 13

ریاستی دہشت گردی، غیر قانونی اور قابل مذمت ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ امریکی پابندیاں لاکھوں شہریوں کی صحت اور روزگار کو سنگین خطرے میں ڈال رہی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ امریکا کے اقتصادی اقدامات بین الاقوامی جرم اور انسانیت کے خلاف جرم کے مترادف ہیں۔ ایران کی وزارت خارجہ نے کہا کہ اقوام متحدہ اور عالمی برادری امریکی پالیسیوں پر قانون کی عملداری برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کریں۔ بیان میں کہا گیا کہ ممالک امریکی پابندیوں پر عمل درآمد سے گریز کریں۔ ایران نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل کے فوجی و اقتصادی حملے کے خلاف تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ امریکی پابندیوں میں شمولیت ایک ریاست کی غیر قانونی مرضی دوسروں پر مسلط کرنے میں معاونت کے مترادف ہے۔

بقیہ صباح 14

جانی پر گہری تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی عوام اور حکومت کی جانب سے نیپال کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس مشکل وقت میں ہر ممکن تعاون اور امداد کی پیشکش کی۔ وزیراعظم نے اپنے نیپالی ہم منصب کو بتایا کہ پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو ہنگامی امدادی سامان بھیج رہا ہے۔ نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ نے ٹیلی فون کرنے اور قدرتی آفت کے بعد پاکستان کی جانب سے یکجہتی اور حمایت کے اظہار پر وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کی جانب سے امداد کی فراخدلانہ پیشکش پر بھی اظہار تشکر کیا۔

بقیہ صباح 15

بیرسٹر افتخار گیلانی آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور بہتر معیار زندگی کے لیے وفاقی حکومت ہرممکن تعاون جاری رکھے گی، آزاد جموں وکشمیر میں جمہوری عمل کا تسلسل خوش آئند ہے

بقیہ صباح 16

کو جامعات کو ایک میمو جاری کیا ہے۔ میمو میں کہا گیا ہے کہ حکام نے غیر ملکی طلبہ کیلئے Curricular Practical Training کی ایسی اجازتوں میں اضافہ دیکھا ہے جو ممکنہ طور پر مقررہ ضوابط کی خلاف ورزی کرتی ہیں۔ CPT کے تحت طلبہ کو اپنی تعلیم سے متعلق عملی تربیت اور بعض صورتوں میں کام کرنے کی اجازت ملتی ہے۔ امریکی حکام کے مطابق یہ عملی تربیت اسی وقت دی جاسکتی ہے جب وہ طالب علم کے باقاعدہ تعلیمی نصاب کا لازمی حصہ ہو۔ میمو میں خبردار کیا گیا ہے کہ قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے اداروں کی غیر ملکی طلبہ کو داخلہ دینے کی سرٹیفکیشن ختم کی جاسکتی ہے۔ نئی ہدایات کے بعد بعض امریکی جامعات نے غیر ملکی طلبہ کی مخصوص ورک اتھارائزیشن درخواستوں پر عارضی طور پر کارروائی روک دی ہے۔ ان میں یونیورسٹی آف کیلیفورنیا، لاس اینجلس (UCLA) اور یونیورسٹی آف کیلیفورنیا، برکلے بھی شامل ہیں۔ UCLA نے تصدیق کی ہے کہ اس نے بعض CPT اجازتوں کا اجرا روک دیا ہے تاکہ نئی وفاقی ہدایات کا جائزہ لے کر آگے بڑھنے کا طریقہ کار طے کیا جاسکے۔ UC برکلے کے بین الاقوامی دفتر نے کہا ہے کہ 24 اگست کا میمو پہلے کی ہدایات کے مقابلے میں زیادہ براہ راست اور بعض معاملات میں زیادہ پابندیوں پر مشتمل ہے۔ یونیورسٹی کے مطابق بعض ورک اتھارائزیشن درخواستوں پر مستقبل قریب میں کارروائی مشکل ہوسکتی ہے تاہم برکلے نے واضح کیا کہ وہ ڈگری کی لازمی ضروریات سے متعلق CPT درخواستوں پر معمول کے مطابق کارروائی جاری رکھے گا، جبکہ بعض ماسٹرز تھیسس اور ڈاکٹریٹ تحقیق سے متعلق درخواستوں کے لیے بھی طریقہ کار جاری رکھنے یا بحال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ صباح 17

قوم بہادر، غیور اور متحد ہے، دشمن کے عزائم خاک میں مل جائیں گے اور شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملک بھر کے علماء و مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان اور قومی امن رابطہ کونسل پاکستان کے سربراہ، سفیر امن پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی، سجادہ نشین آستانہ عالیہ شیخ پیر جناب سے ملاقات کے دوران گیا۔ ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی و سماجی حالات، امن و امان کی مجموعی صورتحال، قومی سلامتی، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات اور باہمی امور سمیت مختلف اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر قومی و بین الاقوامی امور میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے مثبت اور موثر کردار کو خراج تحسین پیش کیا گیا جبکہ ملک کے دفاع، امن و استحکام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سکیورٹی فورسز کے شہدا کو خراج عقیدت بھی پیش کیا گیا۔

بقیہ صباح 18

کاکڑ کی زیرصدارت شروع ہوا، جس میں قائد حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے معمول کی کارروائی معطل کرنے کا مطالبہ کیا جس پر سینیٹر شیری رحمان نے تحریک پیش کی۔ بعد ازاں سینیٹ نے معمول کی کارروائی معطل کردی اور پمز سانحہ پر بحث شروع کردی۔ سینیٹ میں سانحہ پمز پر بحث کے لیے وقفہ سوالات بھی معطل کردیا گیا، جس کی تحریک شیری رحمان نے پیش کی۔ اجلاس میں حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن تنظیم نو ترمیمی بل 2026 واپس لے لیا۔ بل واپس لینے کی تحریک وزیر آئی ٹی کی جگہ وزیر مملکت طلال چوہدری نے پیش کی۔ سینیٹر علی ظفر نے پمز واقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے واقعے کی مکمل انکوائری کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پمز واقعے کی ذمہ داری ہر اس شخص پر ہے جو بجٹ پاس کرنے میں شامل تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے صحت کے بجٹ پر کٹ کا غریب آدمی کی صحت پر اثر پڑنے کی نشاندہی کی تھی۔ سینیٹر علی ظفر نے مطالبہ کیا کہ معاملے پر سینیٹ کی کمیٹی بنائی جائے، جس کی سربراہی اپوزیشن کا کوئی رکن کرے، کمیٹی میں 50 فیصد حکومتی اور 50 فیصد اپوزیشن ارکان ہونے چاہئیں، جبکہ کمیٹی ہنگامی حالات سے نمٹنے کے ایس او پیز بنائے۔ علی ظفر نے کہا کہ کمیٹی کو اختیار دیا جائے کہ کسی بھی ادارے کو اپنی مدد کے لیے بلا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی کمیٹیوں پر عوام کو یقین نہیں ہے۔ سینیٹر پرویز رشید نے اظہار خیال کرتے ہوئے سی ایم ایچ کے نظام کو پمز میں بھی فالو کرنے کی تجویز دی۔ انہوں نے کہا کہ سی ایم ایچ میں سپاہی سے جنرل تک کا علاج ہوتا ہے اور وہاں ایسے واقعات کی بھی شکایات نہیں آتیں۔ انہوں نے پمز سانحہ کو بہت بڑا المیہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پہلا المیہ نہیں تھا، ایسے واقعات روز ہوتے ہیں۔

بقیہ صباح 19

منافع حاصل ہوا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق مالی سال 26-2025 کے دوران حاصل ہونے والے خالص منافع میں سے ایک ہزار 932 ارب روپے کا زائد منافع وفاقی حکومت کو منتقل کردیا گیا ہے۔ مرکزی بینک نے سالانہ مالیاتی گوشواروں کے ہمراہ آڈیٹرز کی رپورٹ بھی وفاقی حکومت اور پارلیمنٹ کو ارسال کردی ہے۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ مالیاتی گوشوارے اور آڈیٹرز کی رپورٹ بینک کی ویب سائٹ پر بھی جاری کردی گئی ہیں تاکہ عوام ان تک رسائی حاصل کرسکیں۔ جاری کردہ مالیاتی گوشواروں میں 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اسٹیٹ بینک کی مالی کارکردگی، آمدن اور منافع سمیت دیگر مالی تفصیلات پیش کی گئی ہیں۔

بقیہ صباح 20

ترجمان ماریا زاخارووا نے ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ روسی حکام نے اپنا فیصلہ شام میں سابق حکومت کے خاتمے کے بعد پیدا ہونے والے حالات اور الاسد اور ان کے اہل خانہ کو درپیش مبینہ دھمکیوں کے پیش نظر کیا۔ زاخارووا نے کہا کہ "یہ فیصلہ محض انسانی بنیادوں پر کیا گیا تھا"۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اقدام "شام میں حکومت کی تبدیلی کے بعد پیدا ہونے والے دردناک حالات کے پیش نظر کیا گیا، جہاں انہیں اور ان کے اہل خانہ کو قتل کی دھمکیاں مل رہی تھیں"۔ روسی ترجمان نے اس بات پر زور دیا کہ روس میں الاسد کا استقبال سیاسی اعتبار سے متاثر ہو کر نہیں کیا گیا تھا۔ یہ ایک ایسا موقف ہے جو ماسکو میں سابق شامی صدر کی حیثیت اور ساتھ ہی ان سے منسلک شامی مطالبات سے نمٹنے کے لیے روسی حکمت عملی کے مستقبل پر دوبارہ روشنی ڈالتا ہے۔

بقیہ صباح 21

ٹیکنیکل سٹاف موجود نہیں تھا، آگ بجھانے کے مناسب آلات بھی نہیں تھے، ریسکیو ٹیم کو دیواریں توڑ کر اندر جانا پڑا۔ رپورٹ میں معلوم ہوا کہ ہسپتال کا عملہ بھی ایمرجنسی صورتحال کے حوالے سے غیر تربیت یافتہ تھا۔ وزیراعظم کی قائم کمیٹی کو دیے گئے 48 گھنٹے مکمل ہورہے ہیں، کمیٹی پانچ روز میں تفصیلی رپورٹ دے گی۔ قبل ازیں وزیراعظم کی کمیٹی نے تیس سے زائد ملازمین کے بیانات قلم بند کیے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ڈاکٹرز اور نرسز بھی شامل ہیں، چلڈرن وارڈ میں تعینات درجن سے زائد سکیورٹی گارڈز کے بیانات بھی ریکارڈ کیے گئے۔ کمیٹی نے حادثے کے وقت آن ڈیوٹی عملے کا بائیو میٹرک ریکارڈ بھی چیک کیا، آگ بجھانے کیلئے جانے والے فائر بریگیڈ کے عملے، ڈائریکٹر جنرل ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ڈائریکٹر فائر بریگیڈ نے بھی اپنا بیان ریکارڈ کرایا، کمیٹی نے ریسکیو ٹیموں کی ٹائم لائن بھی چیک کی۔ دوسری طرف سی ڈی اے نے فائر سیفٹی انتظامات کیلئے دوبارہ خط لکھ دیا ہے جبکہ پمز سانحے کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن بنانے کی ایک درخواست اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کی گئی ہے۔ وزیراعظم کی انکوائری کمیٹی کے ساتھ ساتھ پمز ہسپتال کی انتظامیہ نے اپنی ایک انکوائری کمیٹی الگ بنادی ہے۔ گزشتہ روز کمیٹی نے ہسپتال کی نرسری کا سی سی ٹی وی ریکارڈ قبضے میں لیا، پمز کے عملے کے بیانات قلمبند کیے، کمیٹی نے فائر بریگیڈ اور ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹس کا جائزہ لیا۔ دوسری جانب قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صحت نے پمز سانحہ کا جائزہ لیا، ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز اور عملے کی معطلی اور وزیر صحت مصطفیٰ کمال کے استعفے کا مطالبہ کیا۔ ڈاکٹر مہیش کمار نے ہسپتال کا دورہ بھی کیا اور سوال اٹھایا کہ کل کہا گیا تھا کہ آگ ایئرکنڈیشنر سے لگی، پتا چلا کہ اے سی تو چل ہی نہیں رہا تھا، یوں لگتا ہے کہ تمام نرسوں کو بٹھا کر ایک بیان رٹا دیا گیا ہے۔

بقیہ صباح 22

ترمیم جسٹس (ر) شبر رضا رضوی کی جانب سے چیلنج کی گئی تھی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ آئین پاکستان قانون ساز اسمبلی نے تشکیل دیا تھا اور قانون ساز اسمبلی نے 1973 کے آئین میں سپریم کورٹ کو اعلیٰ ترین عدالت قرار دیا تھا جبکہ موجودہ اسمبلی کسی صورت دستور ساز اسمبلی نہیں ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ آئین کے بنیادی خدوخال کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا، اسلامی ریاست میں کسی کو تاحیات استثنیٰ نہیں دیا جاسکتا، جبکہ عدلیہ کی آزادی کا براہ راست تعلق ججز کی تعیناتی سے ہے۔ ستائیسویں ترمیم میں دراصل آئین کو پامال کیا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ سپریم کورٹ ستائیسویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دے اور آرٹیکل 248 کے تحت دیا گیا تاحیات استثنیٰ بھی کالعدم قرار دیا جائے۔ سپریم کورٹ اس سے قبل بھی ستائیسویں ترمیم کے خلاف ایک درخواست وصول کرنے سے انکار کرچکی ہے۔

بقیہ صباح 23

کھولنے کو تیز اور آسان بنانے کیلئے نیا ڈیجیٹل انویسٹر آن بورڈنگ فریم ورک متعارف کرا دیا ہے، نئے فریم ورک سے دستاویزات اور بار بار کی تصدیق کو ختم کردیا گیا ہے، بروکرز کے لیے سرمایہ کاروں کا اکاؤنٹ کھولنے کے لیے واضح ٹائم لائن مقرر کی گئی ہے۔ فریم ورک کے تحت بروکر کو سہل اور سہولت اکاؤنٹ کی درخواست پر ایک دن اور نارمل سرمایہ کار اکاؤنٹ پر دو دن میں فیصلہ کرنا ہوگا۔ سرمایہ کار درخواست کی ٹریکنگ آئی ڈی کے ذریعے درخواست کا اسٹیٹس دیکھ سکیں گے۔ بروکرز کو درخواست مسترد ہونے کی صورت میں وجہ تحریری طور پر بتانا ہوگی۔ اسٹاک مارکیٹ میں نئے سرمایہ کاروں کے اکاؤنٹ کھولنے کو آسان اور تیز بنانا، اسٹاک مارکیٹ کو وسعت دینے اور سرمایہ کاروں کی تعداد 2.5 لاکھ تک بڑھانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے ذریعے کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کو آسان اور تیز بنانا اور اس راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں نوجوانوں کے لیے وسیع مواقع اور ترقی کے امکانات موجود ہیں۔ ایس ای سی پی نے اس سلسلے میں سرکلر جاری کردیا ہے، جس میں سکیورٹیز بروکرز، ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں، انشورنس کمپنیوں اور دیگر ریگولیٹڈ اداروں کے لیے انویسٹر آن بورڈنگ کی شرائط کو یکساں بنایا گیا ہے۔ نئے فریم ورک کے تحت پہلے سے مکمل شدہ مقررہ تصدیق کو دوبارہ کرانے کی ضرورت نہیں ہوگی، جبکہ API پر مبنی ڈیجیٹل پراسیسنگ کے UIN فوری اجرا اور CDC سب اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ اس سے کاغذی کارروائی اور انسانی مداخلت کم ہوگی اور سرمایہ کاروں کے لیے اکاؤنٹ کھولنا مزید آسان ہوگا۔

بقیہ صباح 24

کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کے صدر شاہ غلام قادر نے اپنی ہی پارٹی کے وزارت عظمیٰ کے امیدوار افتخار گیلانی کو ووٹ نہیں دیا۔ یاد رہے کہ شاہ غلام قادر وزارت عظمیٰ کے امیدوار تھے تاہم پارٹی کی جانب سے ان کی نامزدگی نہیں کی گئی تھی جس پر انہوں نے اپنے تحفظات کا اظہار بھی کیا ہے۔ کشمیر میں گذشتہ کئی ماہ سے جاری احتجاجی تحریک کے باعث قانون ساز اسمبلی کے حالیہ عام انتخابات متاثر ہوئے تھے اور ریاست میں تین مرحلوں میں انتخابات کا انعقاد کروایا گیا تھا۔ امن وامان کی صورتحال کے باعث پونچھ اور سدھنوتی اضلاع کی سات نشستوں پر انتخابات ملتوی کردیے گئے تھے۔ جن حلقوں میں انتخابات ملتوی کیے گئے وہ زیادہ تر ضلع پونچھ میں واقع ہیں۔ حالیہ عام انتخابات میں بیرسٹر افتخار گیلانی دارالحکومت مظفرآباد سے (ن) لیگ کے امیدوار تھے اور انھیں پیپلز پارٹی کے امیدوار مختار احمد عباسی نے شکست دی تھی، تاہم بعدازاں وہ مخصوص نشست پر نامزدگی کے ذریعے اسمبلی پہنچے۔ یاد رہے کہ افتخار گیلانی 2021 میں ہونے والے عام انتخابات میں بھی شکست سے دوچار ہوئے تھے۔ ٹیکنوکریٹ نشست پر کشمیر اسمبلی کا حصہ بننے والے افتخار گیلانی کو گذشتہ روز (27 اگست) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی جانب سے وزیراعظم کے امیدوار کے طور پر نامزد کیا گیا تھا۔ نومنتخب وزیراعظم افتخار گیلانی نے بی بی سی اردو سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میری پارٹی کو مجھ پر جتنا اعتماد ہے، اس کا اظہار ووٹ سے ظاہر ہوگیا ہے۔ جن ایم ایل ایز (اراکین اسمبلی) نے مجھے ووٹ دیا ہے وہ سب منتخب ہو کر ایوان کا حصہ بنے ہیں، پہلے میں صرف مظفرآباد کا نمائندہ تھا اور اب منتخب اراکین کے ووٹ کی مدد سے پورے کشمیر کا نمائندہ بن چکا ہوں۔

بقیہ صباح 25

بھی اسے سزا دی جائے۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے علی ظفر نے کہا کہ پمز واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور تعین کیا جائے کہ اس واقعے کا ذمہ دار کون تھا، جس کی غلطی تھی اسے سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کی طویل مدتی وجوہات کا بھی جائزہ لینا ہوگا، ذمہ داری وزیر اعظم، کابینہ اور بجٹ منظور کرنے والوں پر بھی عائد ہوتی ہے۔ علی ظفر نے کہا کہ ہم نے کہا تھا صحت کا بجٹ کم نہ کیا جائے، اس کا اثر غریبوں کے ہسپتالوں پر پڑے گا، میں نے اپنی بجٹ تقریر میں بھی یہ بات کی تھی لیکن حکومت نے اسے مسترد کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال حکومت کی ترجیحات میں شامل ہی نہیں ہیں۔ سینیٹر علی ظفر نے مطالبہ کیا کہ پمز واقعے کی تحقیقات کیلئے سینیٹ کی کمیٹی قائم کی جائے اور اس کی سربراہی اپوزیشن کو دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی ہسپتالوں میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے ایس او پیز تیار کرے اور موجودہ ایس او پیز کا بھی جائزہ لے۔ علی ظفر نے کہا کہ ہسپتالوں کو کمیٹی کے ساتھ تعاون کرنے کا پابند کیا جائے اور یہ کمیٹی تشکیل دی جائے، حکومت کی جانب سے قائم کردہ کمیٹی پر عوام کو اعتماد ہی نہیں ہے۔

بقیہ صباح 26

پیش کرے۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے شیری رحمٰن نے کہا کہ جو حکومتی کمیٹیاں بنائی گئی ہیں ہمیں ان پر اعتماد نہیں، ان کمیٹیوں میں سب لوگ ایک دوسرے کی تحقیقات کر رہے ہیں، ساری تحقیقاتی کمیٹیوں کا کیا بنا ہمیں بتایا جائے، ورنہ میں کارروائی نہیں چلنے دوں گی۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹ بولا جارہا ہے کہ انخلا کے راستے کھلے تھے سب راستے بند تھے، یہ بھی پوچھا جائے کہ عملہ کہاں تھا؟ عملہ موجود ہوتا، پمز کے پاس فائر این او سی کیوں نہیں تھا اور انخلا کے راستے کہاں بند تھے؟ شیری رحمٰن نے کہا کہ سی ڈی اے کی رپورٹس پمز کی رپورٹس کے برعکس ہیں، سی ڈی اے نے متنبہ کیا تھا کہ ہسپتال کا فائر سیفٹی نظام درست نہیں، صرف سیکرٹری کو معطل کردینا کافی نہیں، پمز میں آگ لگنے کے معاملے کا کیا بنا؟ بتایا جائے۔ پیپلز پارٹی کی سینیٹر نے سوال اٹھایا کہ کبھی کسی نے ایئرکنڈیشنر سے چنگاری آتی دیکھی ہے؟ ہم بوڑھے ہوگئے ان میں بیٹھ کر۔ انہوں نے اپنے سابقہ وزارت کے دور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ میں وزیر تھی جس دن اپنی وزارت میں مداخلت نہ روک سکی، مستعفی ہوگئی تھی، بطور وزیر صحت میں نے اپنے شوہر کا پمز میں آپریشن کروایا تھا، میں نے شوہر سے کہا تھا کہ کراچی میں نہیں، آپ کا آپریشن یہیں ہوگا۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ پمز کسی کو سروس دینے کے لائق نہیں، پمز اپنے آپریشنز پولی کلینک اور راولپنڈی کو ریفر کررہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے کہا گیا تھا کہ دروازے اس لیے بند ہیں کیونکہ بچے چوری ہوتے ہیں، میں نے کہا تھا دروازے بند نہ کریں، سیکیورٹی گارڈ لگا دیں۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ عوام شہنشاہی سے تھک گئے ہیں، عوام آپ سے کوئی تعلق نہیں رکھتے، ایوان سے لوگوں کو امید نہیں کیونکہ یہاں کچھ نہیں ہورہا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سینیٹ کی کمیٹی بنائی جائے جو پمز کے معاملے کی تحقیقات کرکے 40 دن میں رپورٹ دے۔

بقیہ صباح 27

فارمولے پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ڈریپ کو اسے ازسرنو مرتب کرنے اور ہارڈشپ پالیسی کے قواعد میں فوری تبدیلی کی ہدایت کردی۔ وفاقی وزیر سینیٹر احد چیمہ کی زیرصدارت ادویات کی قیمتوں سے متعلق اہم اجلاس ہوا، جس میں ادویات کی قیمتوں کے تعین، ہارڈشپ پالیسی، درآمد کنندگان و ریٹیلرز کے مارجنز، ڈریپ پالیسی بورڈ کی تشکیل اور ضروری ادویات کی دستیابی سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ احد چیمہ نے کہا کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے موجودہ فارمولے پر جامع نظرثانی کی ضرورت ہے اور ڈریپ اس فارمولے کو ازسرنو مرتب کرے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہارڈشپ پالیسی کے قواعد میں بھی فوری تبدیلی کی جائے اور اس پالیسی کے تحت ریلیف صرف حقیقی اور ناگزیر کیسز میں دیا جائے۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ ہارڈشپ پالیسی کے تحت حکومت کی جانب سے فراہم کردہ ریلیف کا فائدہ ادویات کی قیمتوں میں بھی نظر آنا چاہیے۔

بقیہ صباح 28

70CMSW26C00000 ہے اور یہ کنیکٹیکٹ میں قائم کمپنی کمپلائنٹ ٹیکنالوجی ایل ایل سی کو دیا گیا ہے، جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے جسم پر پہنے جانے والے برقی کنٹرول آلات تیار کرتی ہے۔ معاہدے میں صرف دستانوں کی فراہمی ہی شامل نہیں بلکہ متعلقہ آلات، تکنیکی معاونت اور دیگر خدمات بھی شامل ہیں، جبکہ خریداری کا عمل تقریباً چھ ماہ کے دوران مکمل کیے جانے کی توقع ہے۔ یہ دستانے عام حفاظتی یا تکنیکی دستانوں کی طرح استعمال کیے جاسکتے ہیں، تاہم ان میں ایک برقی نظام بھی موجود ہے جسے اہلکار ضرورت پڑنے پر فعال کرسکتا ہے۔ فعال ہونے کے بعد یہ دستانے براہ راست انسانی جلد سے رابطے پر تکلیف دہ برقی جھٹکا دے سکتے ہیں۔ آئی سی ای کے مطابق یہ آلات ایسے حالات میں استعمال کیے جائیں گے جہاں کوئی شخص ہدایات ماننے سے انکار کرے، جسمانی مزاحمت کرے یا اہلکاروں کے لیے قابو پانا مشکل ہو جائے۔ ادارے کا کہنا تھا کہ یہ دستانے گرفتاری، مزاحمت کرنے والے زیرحراست افراد کی منتقلی، حراستی مراکز کے باہر ہنگامی صورتحال اور دیگر کشیدہ حالات میں استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ آئی سی ای کا موقف ہے کہ اس ٹیکنالوجی کا مقصد اہلکاروں کو ایسا درمیانی درجے کا اختیار فراہم کرنا ہے۔

بقیہ صباح 29

سیکریٹری توانائی شہاب انصاری، وفاقی سیکریٹری پیٹرولیم حامد عتیق، ایڈیشنل سیکریٹری ظفر عباس، سوئی سدرن گیس کمپنی کے ایم ڈی امین راجپوت، پاکستان اسٹیٹ آئل کے ایم ڈی جواد نسیم اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران حیدان بلاک، اسٹرینڈڈ اور ڈورمنٹ گیس فیلڈز، سوہو دریافت اور کندھ کوٹ گیس فیلڈ سمیت گیس کے مختلف منصوبوں اور وسائل سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے حیدان بلاک سندھ انرجی ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ کو الاٹ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت اس سلسلے میں متعدد خطوط وفاق کو ارسال کرچکی ہے، تاہم حیدان بلاک کی الاٹمنٹ کا فیصلہ تاحال زیرالتوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں صنعتی ترقی اور توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے گیس کے مقامی وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لانا ضروری ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ اسٹرینڈڈ اور ڈورمنٹ گیس فیلڈز سندھ حکومت کے حوالے کرنا صوبے کی صنعتی ترقی کے لیے زیادہ بہتر ہوگا۔ سندھ کی صنعتوں کو توانائی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے کے لیے صوبے میں موجود گیس وسائل کا موثر استعمال ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے سوہو گیس دریافت اور کندھ کوٹ گیس فیلڈ سے حاصل ہونے والی گیس سندھ کو آئین کے آرٹیکل 158 کے تحت فراہم کرنے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ ملک میں سب سے زیادہ گیس پیدا کرنے والی اکائی ہے

بقیہ صباح 30

علاقوں کو پہلے صوبوں کا درجہ دینے سے نئے صوبوں کے قیام کا عمل شروع کیا جاسکتا ہے جس کے بعد دیگر صوبوں کے قیام کی جانب پیشرفت کی جائے گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بہاولپور، جنوبی پنجاب اور ہزارہ صوبوں کے حوالے سے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی پہلے ہی توثیق کرچکی ہیں اس کے بعد ان دونوں جماعتوں کے پاس یہ کہنے کا کیا جواز ہے کہ نئے صوبے نہیں بننے دیئے جائیں گے، آئین کے تحت جو صوبے بننے ہیں وہ بنائے جائیں گے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے متعلق سوال پر سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران خان مذاکرات تو کریں گے لیکن کوئی ڈیل نہیں کریں گے۔ عمران خان کو اب بھی کوئی ڈیل نہیں کرنی تاہم حکومت کی طرف سے دی جانے والی ڈھیل ختم ہو چکی ہے، اس وقت عمران خان عوام میں مقبول ہیں اور پاکستان کے عوام کی یادداشت بہت اچھی ہے، جو شخص قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرلیتا ہے وہ عوام کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔ حکومت کے مستقبل کے حوالے سے محمد علی درانی نے کہا کہ حکومت کے جانے کی چند نشانیاں ہوتی ہیں جن میں سے پہلی نشانی یہ ہوتی ہے کہ حکومت انتہائی درجے کی کرپشن شروع کردیتی ہے، دوسری نشانی یہ کہ وہ عوام پر ظلم کرنا شروع کردیتی ہے جبکہ آخری نشانی عدلیہ سے لڑائی ہوتی ہے۔ حکومت یہ تمام کام کرچکی ہے اور عدلیہ سے لڑائی بھی شروع کردی ہے، حکومت نے اپنا سیاسی مقبرہ خود بنالیا ہے تو اب ہم اس میں کیا کرسکتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان کے حوالے سے محمد علی درانی نے کہا کہ اللہ کرے مولانا فضل الرحمان ہمارے ساتھ رہیں اور حکومت کی طرف نہ جائیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مولانا فضل الرحمان عوام کے جذبات کے مطابق چلیں گے۔

بقیہ صباح 31

پاکستان کی سی فوڈ برآمدات 15 ملین ڈالر رہی تھیں، جو رواں سال جنوری سے جولائی کے دوران بڑھ کر 220 ملین ڈالر ہوگئیں۔ برآمدات میں اضافے کو دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے تجارتی تعاون اور پاکستانی سمندری مصنوعات کی عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی قبولیت کی اہم علامت قرار دیا جارہا ہے۔ رواں سال کے پہلے سات ماہ کے دوران منجمد مچھلی، کٹل فش اور اسکویڈ کی برآمدات نمایاں رہیں، جن سے مجموعی طور پر 76.42 ملین ڈالر کی آمدنی حاصل ہوئی۔ پاکستانی سمندری خوراک کی طلب میں اضافے کا رجحان چین کے اہم ساحلی صوبوں فوجیان، گوانگ ڈونگ، شانڈونگ اور ژجیانگ میں بھی دیکھا جارہا ہے۔ ذرائع کے مطابق چینی مارکیٹ میں بڑھتے ہوئے برآمدی مواقع کے پیش نظر تقریباً 200 پاکستانی سی فوڈ برآمد کنندگان چینی کسٹمز کے ساتھ رجسٹرڈ ہوچکے ہیں، جس سے پاکستانی سمندری مصنوعات کے لیے چین میں کاروباری امکانات مزید وسیع ہوگئے ہیں۔ چین پاکستان آزاد تجارتی معاہدے کے تحت پاکستانی سمندری مصنوعات کو ترجیحی مارکیٹ تک رسائی حاصل ہے، جس نے سی فوڈ برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس سہولت کے باعث پاکستانی برآمد کنندگان کو چینی مارکیٹ میں اپنی مصنوعات متعارف کرانے اور کاروباری روابط بڑھانے کے مزید مواقع میسر آئے ہیں۔

بقیہ صباح 32

کو روس بھیجے جانے کا مقصد کوئی خصوصی پیغام پہنچانا نہیں تھا۔ ٹرمپ کے مطابق جان رینٹکلف ہر 6 ماہ یا سال میں اپنے روسی ہم منصب سے ملاقات کرتے ہیں، دونوں کے درمیان اچھے تعلقات ہیں، اس ملاقات میں کوئی خصوصی پیغام دیا گیا اور نہ ہی کچھ غیر معمولی ہوا۔ ٹرمپ کا بیان وال اسٹریٹ جرنل کی اس رپورٹ کے ایک روز بعد سامنے آیا ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ جان رینٹکلف نے ماسکو کا دورہ کرکے روس کو نیٹو کے کسی رکن ملک پر حملے سے باز رہنے کا انتباہ دیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق جان رینٹکلف نے ملاقات کے دوران نیٹو کے کسی رکن ملک کے خلاف ممکنہ روسی کارروائی کا معاملہ ضرور اٹھایا، تاہم یہ واضح نہیں کہ آیا ان کے دورے کا واحد مقصد یہی تھا۔ برطانوی میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ ملاقات میں متعدد امور پر بات ہوئی، جن میں ایران کے لیے روس کی حمایت بھی شامل تھی، جو امریکا کے لیے باعث تشویش رہی ہے۔

بقیہ صباح 33

جانب سے بین الاقوامی ذمہ داریوں کی مسلسل خلاف ورزی قابل تشویش ہے۔ اسحاق ڈار نے افغانستان سے پاکستان کو لاحق دہشتگردی کے خطرات پر اظہار تشویش کیا۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی لندن میں برطانوی قومی سلامتی کے مشیر جوناتھن پاول سے بھی ملاقات ہوئی، اس موقع پر اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ کشیدگی میں کمی اور قابل قبول حل کے لیے پاکستان کی مسلسل سفارتی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ صباح 34

منصوبہ بندی میں خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو صرف اپنے مسائل اور مشکلات کے تناظر میں نہیں بلکہ اس کی وسیع صلاحیتوں اور امکانات کے تناظر میں بھی دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 26 کروڑ آبادی، بڑی نوجوان افرادی قوت، اہم جغرافیائی محل وقوع، زرعی اور معدنی وسائل، تیزی سے وسعت پذیر ڈیجیٹل معیشت اور دنیا بھر میں موجود پاکستانیوں کی مضبوط برادری پاکستان کو طویل المدت معاشی تبدیلی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو بار بار آنے والے اس چکر سے نکلنا ہوگا جس میں معاشی تیزی، بیرونی کھاتوں پر دباؤ، استحکام کے اقدامات اور پھر معاشی سست روی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس مقصد کے لیے معیشت کی بنیاد پیداواریت اور برآمدات کے فروغ پر استوار کرنا ہوگی۔ وفاقی وزیر نے طلبہ کو اڑان پاکستان کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ یہ حکومت کا قومی تبدیلی کا جامع لائحہ عمل ہے، جس کی بنیاد فائیو ایز پر رکھی گئی ہے۔ ان میں برآمدات، کاروبار اور روزگار؛ ڈیجیٹل پاکستان اور ڈیجیٹل معیشت؛ ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی، خوراک اور آبی تحفظ؛ توانائی اور بنیادی ڈھانچہ؛ جبکہ مساوات، اخلاقیات اور بااختیار بنانا شامل ہیں۔

بقیہ صباح 35

مطابق سعودی عرب کے وزیر ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمن بن عبدالمحسن الفضلی نے اسلام آباد میں وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے سعودی وزیر اور ان کے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان حال ہی میں طے پانے والے کثیر مشترکہ دفاعی معاہدے سے تینوں ممالک مزید قریب آئے ہیں اور اس معاہدے نے پورے خطے میں اتحاد اور امن کا پیغام دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب اسٹریٹجک شراکت دار ہیں، اس لیے اب دونوں ممالک کو اقتصادی اور زرعی شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر توجہ دینی چاہیے، تاکہ دیرینہ تعلقات کو مضبوط تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت داری میں تبدیل کیا جاسکے جس سے دونوں ممالک کو فائدہ ہو۔ وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان خصوصاً پاکستان سے سعودی عرب کو زرعی مصنوعات کی برآمد کے حوالے سے جاری مثبت تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات میں پاکستان میں زرعی پیداوار بڑھانے کے لیے ٹیکنالوجی، تحقیق و ترقی اور پانی کے وسائل کے زیادہ موثر استعمال کے ذریعے تعاون بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ صباح 36

2026 کے اختتام پر اسٹیٹ بینک کے پاس محفوظ سرکاری سونے کے ذخائر کی مالیت 2 ہزار 334 ارب روپے ریکارڈ کی گئی، جبکہ مالی سال 25-2024 کے اختتام پر ان ذخائر کی مالیت ایک ہزار 394 ارب روپے تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 26-2025 کے دوران پاکستان کے سرکاری سونے کے ذخائر میں 70 کلوگرام کا اضافہ بھی ہوا، جس کے بعد 30 جون 2026 تک ملک کے سونے کے ذخائر 64.8 ٹن تک پہنچ گئے۔ 30 جون 2026 کو پاکستان کے سرکاری سونے کے ذخائر کی مالیت 8.39 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئی۔ مالی سال 2026 کے دوران عالمی سطح پر سونے کی قیمت میں 22.5 فیصد اضافہ ہوا، جس کے نتیجے میں پاکستان کے پاس موجود سونے کے ذخائر کی روپے میں مالیت میں بھی نمایاں اضافہ ہوا۔ واضح رہے کہ مالی سال 25-2024 کے دوران بھی عالمی سطح پر سونے کے نرخوں میں اضافے کے باعث پاکستان کے سرکاری سونے کے ذخائر کی مالیت میں 591 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اس طرح مسلسل دوسرے مالی سال میں عالمی قیمتوں میں اضافے نے پاکستان کے سرکاری سونے کے ذخائر کی مجموعی مالیت کو نمایاں طور پر بڑھایا ہے۔

بقیہ صباح 37

کے حصوں کا شکار تھا اور نسل کشی، جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم کے الزام میں دی ہیگ میں عمرقید کی سزا کاٹ رہا تھا۔ راٹکو ملاڈچ نے 1995 میں سربرینیکا میں ہونے والے قتل عام کی نگرانی کی تھی، جسے دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ میں خونریزی کا بدترین واقعہ قرار دیا جاتا ہے۔ سربرینیکا میں ملاڈچ کی کمان میں سرب فورسز نے اقوام متحدہ کے زیرتحفظ پناہ گاہ میں پناہ لینے والے تقریباً 8 ہزار بوسنیائی مسلمان مردوں اور لڑکوں کو قتل کردیا تھا۔ اس وقت کی ویڈیوز میں راٹکو ملاڈچ کو بچوں میں مٹھائیاں تقسیم کرتے دیکھا گیا، جبکہ بعد میں خواتین اور بچوں کو بسوں کے ذریعے وہاں سے منتقل کر دیا گیا اور مردوں کو جنگل کی جانب لے جا کر قتل کر دیا گیا۔ قتل کیے گئے افراد کی لاشیں ابتدائی قبروں میں دفن کی گئیں، جن میں سے کئی قبریں بعد میں دوبارہ کھودی گئیں اور لاشوں کو مختلف مقامات پر منتقل کیا گیا تاکہ قتل عام کے شواہد چھپائے جاسکیں۔

بقیہ صباح 38

مقامی موبائل فون پیداوار میں ماہانہ بنیاد پر 102 فیصد جبکہ سالانہ بنیاد پر 9 فیصد اضافہ ہوا۔ جولائی کے دوران ملک میں مقامی طور پر 39 لاکھ موبائل فون تیار کیے گئے۔ پی ٹی اے کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں موبائل فونز کی درآمدات سالانہ بنیاد پر 35 فیصد کمی کے بعد ایک لاکھ 10 ہزار یونٹس رہ گئیں، جبکہ مقامی موبائل فون اسمبلنگ نے ملکی طلب کا 97 فیصد پورا کیا۔ مئی میں مقامی اسمبلنگ ملکی طلب کا 75 فیصد پورا کررہی تھی، یوں چند ماہ کے دوران مقامی پیداوار کا ملکی طلب میں حصہ نمایاں طور پر بڑھا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جنوری سے جولائی 2026 کے دوران مقامی موبائل فون پیداوار 5 فیصد کمی کے بعد ایک کروڑ 7 لاکھ یونٹس رہی۔ اس عرصے میں مقامی موبائل فون اسمبلنگ نے ملکی طلب کا 86 فیصد پورا کیا۔ رپورٹ کے مطابق بجٹ سے قبل صارفین کی جانب سے موبائل فونز کی خریداری موخر کرنے کے بعد جولائی میں طلب میں دوبارہ بحالی ہوئی، جس کے نتیجے میں مقامی پیداوار اور اسمبلنگ میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ موبائل فونز کی مقامی پیداوار میں اضافے سے نہ صرف درآمدات پر انحصار کم ہونے کی توقع ہے بلکہ ملک میں موبائل فون اسمبلنگ اور متعلقہ صنعتوں کے فروغ کے امکانات بھی بڑھ گئے ہیں۔

بقیہ صباح 39

تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 کلاشنکوف، ایک پستول، ایک ہینڈ گرنیڈ، 7 میگزین اور کارتوس برآمد کیے گئے۔ ہلاک دہشتگرد سید ولی ننگرہار افغانستان کا افغان مہاجر کارڈ بھی برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق سید ولی افغانستان سے پاکستان داخل ہونے والے تین خودکش حملہ آوروں میں سے ایک ہوسکتا ہے۔ کارروائی کے دوران تمام سی ٹی ڈی اہلکار محفوظ رہے۔ سی ٹی ڈی نے فرار دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔ آئی جی خیبرپختونخوا ذوالفقار حمید اور ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی نے کامیاب کارروائی پر پشاور ریجن کے سی ٹی ڈی جوانوں کو شاباش دی ہے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ صباح 40

ملاقات میں بلوچستان میں صحافیوں کو درپیش مسائل، میڈیا کے فروغ، خواتین اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے، روزگار کے مواقع اور سماجی و معاشی ترقی سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ صحافت ریاست کا اہم ستون اور جمہوری معاشرے کی موثر آواز ہے۔ صحافی عوام کو باخبر رکھنے، معاشرتی مسائل کی نشاندہی کرنے اور عوامی مسائل کو متعلقہ فورمز تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو درپیش مسائل کا حل، ان کے حقوق کا تحفظ اور فلاح و بہبود یقینی بنانا ناگزیر ہے، جس کے لیے موثر اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا اہم اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں نوجوانوں اور خواتین میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں۔ ان صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار اور دیگر شعبوں میں مساوی مواقع اور ضروری وسائل کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری پائیدار ترقی کی بنیادی شرط ہے۔ خواتین کو ہنرمندی، چھوٹے کاروبار، روزگار اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے سہولیات اور مواقع فراہم کرکے نہ صرف انہیں معاشی طور پر خودمختار بنایا جاسکتا ہے بلکہ ان کے خاندانوں اور مجموعی معاشرے کی معاشی حالت بھی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ اور ملک کے روشن مستقبل کے ضامن ہیں۔

بقیہ صباح 41

دروازے پر جا کر ان کے مسائل سننا اور ان کا ازالہ کرنا ہی حقیقی عوامی نمائندگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اسے ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ عوامی خدمت کسی سیاسی نعرے کا نام نہیں بلکہ ایک مسلسل ذمہ داری ہے، جسے وہ پوری خلوص اور سنجیدگی کے ساتھ نبھا رہے ہیں۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ حلقے میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جبکہ عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کو بھی متحرک کیا جارہا ہے۔ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ کھلی کچہری میں عوام کی بھرپور شرکت اس امر کا واضح اظہار تھی کہ حاجی علی مدد جتک اور حلقے کے عوام کے درمیان مضبوط اور براہ راست رابطہ قائم ہے۔ شرکاء نے کھلی کچہری کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے عوامی رابطہ پروگرام عوام کو اپنے منتخب نمائندے تک براہ راست رسائی فراہم کرتے ہیں۔ حاجی علی مدد جتک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی خدمت، حلقے کی ترقی اور عوام کے جائز مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ صباح 42

بات فیصل آباد میں بڑا جلسہ ہوگا، 30 اگست کو راولپنڈی میں تاریخی جلسہ عام منعقد کیا جائے گا جبکہ 31 اگست کو پشاور کا دھرنا بھی جلسہ عام میں تبدیل ہوجائے گا۔ یکم ستمبر کو کراچی کے دھرنے کو بھی بڑے جلسہ عام میں تبدیل کیا جائے گا جبکہ سوات میں بھی جلسہ عام ہوگا۔ کوئٹہ میں کل سے دھرنے کا آغاز کیا جارہا ہے جہاں بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل اور ان کے حل پر بات چیت کی جائے گی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ 3 ستمبر کی ملک گیر ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں اور جماعت اسلامی تاجروں اور صنعتکاروں سے بھی رابطہ کرے گی۔ ہڑتال کامیاب ہوگی اور اس کے بعد دھرنا تحریک جاری رکھتے ہوئے اسلام آباد جائیں گے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت کو پٹرولیم لیوی اور مختلف ٹیکس بھی ختم کرنا ہوں گے۔ ہمارے دباؤ کے باعث حکومت نے ڈیزل کی قیمت میں کمی کی، لیکن عوام کو مستقل اور حقیقی ریلیف درکار ہے۔ بجلی کی پیداوار کی صلاحیت ملک میں دگنی ہوچکی ہے، اس کے باوجود لوڈشیڈنگ عروج پر ہے اور عوام سے کپیسٹی پیمنٹس کے نام پر بھاری رقوم وصول کی جارہی ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم سے سوال کیا کہ جب ملک میں بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے تو لوڈشیڈنگ کیوں ہورہی ہے؟ بجلی کی کمپنیوں کو عوام سے ہزاروں ارب روپے وصول کرنے کے باوجود فعال کیوں نہیں کیا جارہا؟ بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کی جائے۔

بقیہ صباح 43

تجارتی شراکت دار ہے، خاص طور پر تیل کی تجارت کے حوالے سے۔ چینی بینک دونوں ممالک کے درمیان تیل سمیت دیگر تجارتی لین دین سے متعلق ادائیگیوں کو اب بھی پراسیس کرتے ہیں۔

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Executive Engineer-Roads, CWPP&H Department District Dera Bugti invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates **Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627081180173	2KM ROAD MOHALA SADIQ LUND KANI PSDP NO 1468 Z2026.3607	14 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	39,792,055
2	TSE-2627081180033	CONSTRUCTION OF ROAD MOSALANI TO BHAWAL ROAD SHAM SOHALANI 8 KM PSDP NO 1474 Z2026.3613	14 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	79,601,990
3	TSE-2627081180023	CONSTRUCTION OF ROAD FORM MAIN ROAD TO BAGHO PATHAN SYEADANI KHARCHA PSDP NO 1473 Z2026.3612	14 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	54,726,368
4	TSE-2627081180013	CONSTRUCTION OF ROAD FROM PHUDRA MAIN ROAD TO MIR HAZAR SHAHANI ZARKHAN SHAHANI 5 KM KHARCHA PSDP NO 1475 Z2026.3614	14 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	89,552,239
5	TSE-2627081180003	CONSTRUCTION OF B/T ROAD MAIN ROAD TO BASTI REHANZAI SAIN DAD SAID BAKHSH AND OTHERS 4 KM PEHLAWAGH PSDP NO 1472 Z2026.3611	14 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	59,701,493
6	TSE-2627081179783	2 KM ROAD SHAM ROAD TO KILLI MASTER NASEER SHAMBANI PSDP NO 1469 Z2026.3608	14 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	39,800,995

Procurement shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-2627081180173, TSE-2627081180033, TSE-2627081180023, TSE-2627081180013, TSE-2627081180003, TSE-2627081179783) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Office of Executive Engineer-Roads, CWPP&H Department District Dera Bugti

Phone no: 0835410560 Fax no: 0835410562 Email: muhammadejaz0266@gmail.com

Executive Engineer-(Roads)
CWPP&H Department
District Dera Bugti

DPRQ/PRQ No.1100/28-08-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan